Pdf Novel Bank

# Bloody Love

## از قلم واحبہ فاطمہ

## مکمل ناول

کراچی کلفٹن کے ایک پوش اور بھیڑ بھاڑ سے الگ ایریے میں بنا بہت بڑا وہ سفید بنگلہ ہر دیکھنے والی نظر کو مرعوب کرتا تھا.اور اپنی جانب کھینچتا تھا..

مگر جیسے ہر چمکنے والی چیز سونا نہیں ہوتی ویسے ہی وہ بنگلہ جتنا باہر سے خوبصورت تھا.

اندر سے اتنا ہی سرد، بے رحم، سفاک اور خونی تھا.

کیونکہ یہاں رہنے والے انسان کم بھیڑیے اور درندے تھے..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اسی بنگلے کے بیسمنٹ میں لمبی سی ٹیبل کے گرد وہ چاروں

مطلب پاشا، سوہم، کبیر، راسم اور ان کے خاص آدمی بیٹھے تھے..

سربراہی کرسی پر پاشا اور اس کے بلکل سامنے والی پر ریشماں تھی.

ریشماں ایک خواجہ سرا تھی ...اور اوپر بنگلے میں بظاہر اسی کی اور اس کی کافی ساری شاگردوں کی رہائش تھی..

اسی ٹیبل پر ان جرم کے دنیا کے بے تاج بادشاہوں یا چاروں

Executioners

کی خاص میٹنگ جاری تھی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.انھیں میں ان کی بہت خاص ہیکر ریما ... بھی شامل تھی

..اور رجا اور کومل بھی تھیں ...جو پاشا کی بہت خاص ورکر تھیں

میری ڈیتھ بک میں کالی کا نام ٹاپ آف دی لسٹ آ چکا ہے ...اسی لیے اسے

..مرنا ہوگا

ریشماں؟

.پاشا نے سوالیہ نظریں ریشماں کی جانب اٹھائیں

.انھوں نے آنکھ کے اشارے سے اجازت دی

...حال میں پاشا کی بہت بھاری، رعب دار اور سرد و سفاک آواز گونجی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اس سے میں نمٹ لوں گا ..سوہم نے سرسراتے لہجے میں کہا ..میرا کچھ حساب کتاب نکلتا ہے اس کی طرف ..میرے بہت خاص آدمی کی جان لی ہے اس نے اسی لیے معاملہ زرا پرسنل ہے

..اوکے ڈن ...کل کی میٹنگ میں کالی کے جہنم رسید ہونے کی خبر سننا چاہتا ہوں

...ہو جائے گا ..سوہم نے اطمینان سے کہا

...میٹنگ برخاست ہو چکی تھی

وہ اٹھے اور بیسمنٹ کے خفیہ راہداریوں سے ہوتے ہوئے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.انھیں کے ہی بندوں کے بڑے سے مردانہ سیلون میں نکلے

سیلون میں سینکڑوں کی تعداد کے لوگوں میں کسی کا باپ بھی ان کو آتے جاتے نہیں پہچان سکتا تھا.

..کیونکہ انھوں نے آنے جانے کے لیئے کبھی بنگلے کا مین گیٹ یوز نہیں کیا تھا

سوہم باہر نکلنے لگا جب قادر اس کے پیچھے تقریباً بھاگتا ہوا اسے تمام ضروری خبریں دینے لگا..

....سر ایک اور بات

بولو...؟

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

...میڈم کو ایک لڑکا دو تین دن سے پریشان کر رہا ہے

..سوہم پل بھر کو رکا ...اور خونخوار نظروں سے مڑ کر قادر کو دیکھا

منہ سے سگریٹ نکال کر انگلیوں میں گھمائی جس کا مطلب تھا کہ وہ انسان سے

.جلاد بن چکا ہے اور میٹر شارٹ کر کے قہر ڈھانے والا ہے

.قادر کی روح فنا ہوئی

..سر ..وہ ہٹ جائے گا راستے سے ...آپ فکر مت کریں

..گڈ ..وہ کہتا سگریٹ منہ میں دبائے ..لمبے لمبے ڈگ بھرتا گاڑی میں بیٹھ چکا تھا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

وہ افتاں و خیزاں کالج سے آئی اور کمرے میں بند ہو گئ تھی.

وہ بیڈ پر لیٹی پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی..

پھر ایک جھٹکے سے اٹھی..

دو دن ہو گئے تھے جان سولی پر لٹکے ..اس غنڈے کی بے ہودہ اور گندی باتیں برداشت کرتے.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ذہن میں جھماکا ہوا ..بی جان اور بڑی ماں گھر پر نہیں ہیں.

دبے قدموں بی جان کے کمرے میں داخل ہو کر الماری میں سے وہ منقش لکڑی کا چھوٹا سا صندوق نکالا اور وہی کارپٹ پر بیٹھ کر بھیگے چہرے اور کانپتے ہاتھوں سے وہ صندوق کھولا..

سب سے پہلے سامنے ہی وہ مسکراتی دس سالہ پرانی تصویر تھی..

اس نے اذیت سے وہ تصویر نکالی..

سوہم خان .....لب پھڑپھڑائے..

پھر وہ سنہری بالوں والی گڑیا نکالی اور کانوں میں آواز گونجی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

دیکھو روحا ...میں تمھارے لیے کتنی پیاری ڈول لایا.

سوہم خان کہاں چلے گئے آپ ..آج سے سات سال پہلے جب ہم تیرہ سال کے تھے تو اتنے بھی چھوٹے نہیں تھے کہ آپ کو جاتے دیکھ کر پہچان نا پاتے.

ہمیں نہیں پتہ اس وقت کیا ہوا تھا ..ہمارے اپنے سب کہاں چلے گئے.یہ مسٹری نہیں کر پائے solve ہم کبھی.

لیکن آپ ہم تینوں کا آخری سہارا تھے .

سگے اکلوتے پوتے ہونے کے باوجود کیوں بی جان کہتی ہیں کہ آپ مر گئے.؟ .کیا کیا آپ نے...؟

..کیوں بڑی ماں نانی ہونے کے باوجود آپ کو مرا ہوا سمجھتی ہیں

pdfnovelsbank.blogspot.com

...ہمیں کیوں چھپاتی ہیں بی جان آپ سے

..اتنی نفرت کیوں کرتی ہیں آپ سے ..آپ مرے نہیں چھوڑ کر گئے ہمیں کیوں..؟

..وہ بھیگی پلکوں سے اس تصویر سے باتیں کیے جا رہی تھی

کہ اچانک صندوق میں بی جان کے زیورات کے ڈبوں کے نیچے کچھ پیپرز پر نظر پڑی..

ہاتھ ڈال کر پیپر نکالے .پیپر کھول کر دیکھے تو پیروں نیچے سے زمین کھسکی .. حویلی کی چھتیں روحا کے سر پر گریں.

کیونکہ جو پیپر اس کے ہاتھ میں تھے وہ سوہم خان اور روحا مراد کے نکاح کے پیپر تھے..

..اس کا دل کیا ان پیپرز کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے ہوا میں اچھال دے

اونہہ ...سوہم خان تو یہ ہے آپ کی حقیقت ..کہ ہمارے محافظ ہونے کے باوجود ہم زمانے کی ٹھوکروں پر ہیں.

کاش آپ میں کچھ غیرت ہوتی تو اپنے گھر کی خواتین کی حفاظت کرتے.نفرت ہے ہمیں آپ سے..

I hate u Soham khan..... I hate u

Pdf Novel Bank

جلدی سے ساری چیزیں واپس رکھ کر صندوق الماری میں رکھا ..اور پھوٹ پھوٹ کر رو دی.

...جب باہر سے بی جان کی آواز آئی

..روحا ....میری بچی کدھر ہو

اس نے فوری واش روم میں گھس کر منہ پر پانی کے چھینٹے مارے اور چہرہ صاف کیا..

باہر آئی ..یس بی جان ..ہم یہاں ہیں ..اس نے بازو پھیل کر کہا..اور بی جان کے گلے میں جھول گئی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ارے بھئی کیا کر رہی ہو کیوں بوڑھی ہڈیاں توڑنی ہیں..جاؤ چائے بناؤ ... بھئی تھک گئی میں تو..

پھر وہ دنیا بھلائے اپنی بی جان اور بڑی ماں سے لاڈ اٹھاتی چائے پینے میں مگن ہو گئی..

...یہ فیصل آباد میں ایک بڑی سی حویلی تھی

ابھی ابھی بی جان اور بڑی ماں زمینوں کی سیر کر کے اور منشی کریم سے سارا حساب کتاب کر کے لوٹیں تھیں..

کافی تھک گئیں تھیں

اب وہ کبھی بی جان اور کبھی بڑی ماں کے پاؤں دبا رہی تھی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..ان کی دنیا اور زندگی کا مرکز بھی تو یہ ننھی سی جان تھی

...جس کے مستقبل کا سوچ سوچ کر بی جان کی راتوں کی نیندیں اڑی ہوئیں تھیں

..اگلے دن وہ کالج گئی تو وہ غنڈہ اس کی راہ میں حائل نہیں ہوا

...اور اسے لگا اس کی دعا پوری ہوئی ہے

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

pdfnovelsbank.blogspot.com

..ارے او منحوس، جنم جلی گونگی ہے .....بہری تو نہیں جو سنائی نہیں دے رہا کب سے آوازیں دے دے کر حلق سوکھ گیا ..مگر تیرے سر پر جوں تک نہیں رینگی ..شاہینہ نے حلق پھاڑ کر بے بس کمزور یتیم اور مسکین نند پر رعب جھاڑا.

میں چھت پر کپڑے سکھانے گئی تھی ..رحاب نے نم آنکھوں سے بے بسی سے ..اشارہ کیا

تو وہیں مر گئی تھیں کیا ..جواب نہیں دے سکتی تھیں ..آہ مگر تم کیسے جواب ....دیتیں ..گونگی جو ہو ..لہجہ صاف ہتک آمیز تھا

..اب منہ کیا دیکھ رہی ہو جاؤ جا کر کھانا بناؤ.. تمھارا بھائی آتا ہو گا

Pdf Novel Bank

رحاب اثبات میں سر ہلا کر کچن میں آئی..

کرتی بھی کیا بھابھی کا کہنا ماننے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں تھا..

کیا قسمت پائی تھی .. مسکین نے..

پہلے تو باپ نہیں تھا ..مگر ماں کی ٹھنڈی آغوش تو تھی.

مگر دو سال ہوئے ماں کے گزرنے کے بعد جیسے تپتے صحرا میں ننگے پاؤں بھاگ رہی تھی.

بے حس اورکم ظرف تھا وسیم جو بہن کے حقوق نہیں پورے کرسکتا تھا...

انھیں دو سالوں میں وہ چھت سے گری تھی اورگلے پر چوٹ لگنے سے اپنی آواز کھو بیٹھی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

...کچھ علاج سے لاپرواہی کا نتیجہ تھا ..آپریشن کے پانچ لاکھ مانگے گیئے تھے

جنھیں دینا تو دور کی بات سننے کے بعد شاہینہ نے وہ واویلا مچایا تھا ..کہ خدا کی پناہ

وسیم کو سب کچھ پتا تھا کہ کس طرح اس کی بیوی نے بہن کو بے دام کی غلام بنا رکھا ہے ...اور اس سے جانوروں جیسا سلوک کرتی ہے ..مگر.

بے حسی کا مظاہر کرتے ہوئے کان لپیٹے رکھتا کہ زرا سے کچھ کہنے پر شاہینہ چچڑی کی طرح جان کو چمٹ جاتی تھی..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

صد شکر تھا کہ وہ اسے پڑھنے دے رہی تھی ..اور وہ بی ایس سی کے تھرڈ سمسٹر میں تھی.

بیچاری رحاب انجان تھی کہ اس میں بھی اس کا کوئی مطلب ہی تھا.

شاہینہ اپنے دنیا جہاں کے نکمے اور آوارہ بھائی کے ساتھ اس پڑھی لکھی بے تحاشا حسین گونگی لڑکی سے شادی کروانا چاہتی تھی.

جو ساری عمر اسے کما کر کھلائے ...مگر اف نا کرے.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

..سوہم کالی کے اڈے پر اطمینان سے داخل ہوا تھا

.انھوں نے اس کی تلاشی لی اور تسلی کی کہ وہ نہتا ہے

.. اس کے ساتھ صرف قادر اور دو آدمی اور تھے

اس کے آنے سے کالی کے چند دوستوں اور آدمیوں میں ایک عجیب سا خوف اور بے سکونی سی پھیلی تھی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کی سگریٹ لبوں میں دبائے ٹانگ پر ٹانگ رکھے weed وہ انتہائی اطمینان سے پاؤں جھلا رہا تھا..

ٹیبل کے اردگرد بیٹھے لوگوں کے ماتھے پر پسینے چھوٹے ہوئے تھے اور بار بار گلے میں ایک گٹھلی سی ابھر کر معدوم ہو رہی تھی.

مگر اس کے سامنے بیٹھا شخص نڈر طریقے سے بول رہا تھا.

وہ بول رہا تھا کیونکہ وہ اسے بولنے دے رہا تھا..

تو پاشا نے تمھیں بھیجا.. مجھ سے ......کالی سے نمٹنے کیلئے اپنے یہ دو تین کتوں کو بھیج کر..مگر تم شاید بھول گئے کے سامنے میں ہوں.. تمھیں جرم کی دنیا کا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

) جلاد (کہوں یا پھر سوہم خان کہوں .کیونکہ میں سب جانتا Executioner

..ہوں تمھارے بارے میں

سوہم خان کے نام پر پل بھر کو سوہم کا ہلتا پاؤں رکا..مگر پھر پاؤں جھلاتا اس نے

.جلتی سگریٹ لبوں سے نکال کر ہاتھوں کی انگلیوں میں گھمائی

..پیچھے کھڑے قادر نے کن اکھیوں سے اس کی انگلی میں گھومتی سگریٹ کو دیکھا

.کالی بولتا چلا جا رہا تھا

.سگریٹ دوسری مرتبہ اس کی انگلیوں میں گھومی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اور اب قادر کو پتہ تھا کہ تیسری مرتبہ سگریٹ انگلیوں میں گھومنے کے بعد کیا ہونے والا ہے کیونکہ سوہم خان کو نا زیادہ بولنا ہسند تھا نا زیادہ سننا.

اور کالی تو بہت بول چکا تھا.

یہاں آئے ہو تو زندہ واپس نہیں جاؤ گے سو کالڑ جلاد میں تمھیں زندہ یہیں گاڑھ....

اس سے پہلے کہ اس کی بات پوری ہوتی سوہم کی انگلیاں تیسری بار سگریٹ ہاتھ میں گھما چکی تھیں..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

قادر نے آنکھیں بند کر لیں.کیونکہ اتنا بڑا غنڈہ ہونے کہ باوجود وہ اب تک سامنے بیٹھے جلاد جتنا بے رحم نہیں ہو پایا تھا جو شہ رگ پر گولی مار کر گردن ہی اڑا دیا کرتا تھا.

سوہم نے فائر کیا تھا ..جو کالی کی شہ رگ پر بجا تھا .اور اس کی گردن کی دھجیاں .اڑ گئیں تھیں ..سر ڈھلک کر کمر سے جا لگا..اور وہ زمین بوس ہو گیا

اور یہ تو ان کے فرشتے بھی نہیں جان پائے تھے کہ نہتا آیا وہ جلاد اب فائر کیسے کر ..گیا تھا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ جلاد اب اطمینان سے اٹھا ..ایک ہاتھ میں سگریٹ لبوں میں دبائے دوسرا میں پسٹل گھماتا کالی کے پاس گیا.

اور اس کی پیٹ پر اپنے جوتے پر لگا اس کا خون صاف کرتے بولا.

...اگر مارنا ہو ..تو مارتے ہیں ..اگر کاٹنا ہو تو بھونکنے میں ٹائم ویسٹ نہیں کرتے کاٹ ڈالتے ہیں ...باسٹرڈ..

سے اپنا ذہن پرسکون کرتا وہاں سے نکلا weed یہ کہتا وہ اطمینان و سکون سے تھا..

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

راسم،کبیر، ریما، اور رجا ..بظاہر میاں بیوی کے بھیس میں اس کیپٹل سٹی میں اس بڑی مسجد میں ایز اے ٹورسٹ

آئے تھے...

پاشا نے یہ کام خصوصی طور پر راسم کے سپرد کیا تھا..کیونکہ یہ کام کرنے کے لیے پاشا جتنی سفاکی کا لیول ہونا بہت ضروری تھا...

اور راسم تو وہ بھڑکتا شعلہ تھا جو ٹارگٹ کو جلا کر خاکستر کر دیتا تھا...

اور اب درختوں کے گھنے جھنڈ کے پیچھے بڑے پتھروں پر بیٹھ کر ریما تیزی سے لیپ ٹاپ پر انگلیاں چلاتی ٹارگٹ کی لوکیشن ہیک کرتے ہوئے ٹریس کر رہی تھی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.جب راسم کو کچھ عجیب سا لگا اور ایک بڑے درخت کے قریب گیا

...زرا سا آگے ہو کر دیکھا

سرمئی لباس میں لپٹا ایک چھوٹا سا وجود تھا ...سرمئی بڑی سی چادر سے خود کو

...چھپایا ہوا

.ایک بڑے سے پتھر پر سر جھکائے بیٹھی تھی اور چھوٹا سا بیگ گود میں رکھا ہوا تھا

درخت کے پیچھے سے اس کی نسوانی سسکیوں کی آوازیں آ رہی تھیں..پھر فون رنگ

.ہوا جو کہ اس نے رسیو کیا تھا..پھر اس سرمئی گٹھڑی میں سے آواز آئی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

تماشہ سننے کے لیے فون کیا کہ میں زندہ ہوں کہ مر گئی مگر مجھے در بدر کر کے اتنا جان لو نایاب کہ روز تمھارا ضمیر تمھیں کچوکے لگائے گا ..کانٹوں پر گھسیٹ لی جاؤ گی ..مگر تب تم مجھ تک نہیں پہنچ پاؤ گی کیونکہ اس کال کے بعد میں یہ فون سپوئل کرنے والی ہوں ..وہ بڑی سی چادر سے خود کو چھپائے سہمی ہوئی سی تھی.

ہاہاہا ہاہاہا فون میں سے نایاب کے مکروہ قہقہہ گونجے.

وہ پھر بولی...

سنو نایاب میرا نام فانیہ ہے ...فانیہ ...مطلب آزاد ..اور اب میں آزاد ہوں..

سنو.....تم نے یہ سب کر کے مجھ پر بہت بڑا احسان کیا ہے کیونکہ روز کی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

تمھارے باپ کی مکروہ نظروں سے میں بچ گئی ہوں. تم نے میری ماں کی نظر میں مجھے چاہے جتنا مرضی گرایا ہو .مگر میری نظر س دیکھو تو .دنیا کی کوئی طاقت میرے پاکیزہ دامن کو داغ دار نہیں کر سکتی...

او ....اب بھی اتنا غرور ہے ...جب زمانے کی ٹھوکروں پر رکھی جاؤگی تو خود ہی یہ غرور تار تار ہو جائے گا.جب کسی کوٹھے پر پہنچا دی جاؤ گی. ...نایاب نفرت سے بولی جو اس سناٹے میں باہر تک صاف سنائی دیا.

یہ بھی تمھاری غلط فہمی ہے نایاب ..کیونکہ اگر مجھ پر کبھی ایسا وقت آیا بھی تو چاقو بیگ میں لئے بیٹھی ہوں ..سب سے پہلے اپنی شہ رگ کاٹ لوں گی..

یہ کہہ کر فانیہ نے موبائل پتھر سے دے مارا جو کہ چکنا چور ہو چکا تھا..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کہاں جاؤں گی ..دماغ سنسنایا .....اور اگر کسی غلط ہاتھوں میں چلی گئی تو ..نہیں مر جاتی ہوں...اب یہ زندگی بلکل بے کار اور فضول ہے.

..ہاں یہ ٹھیک ہے ...وہ با آواز بلند بڑبڑائی اور بیگ میں سے چاقو نکالا

.کانپتے ہاتھوں سے اپنی گردن پر رکھا .آنکھیں بند کیں

..مگر اس سے پہلے ہی پیچھے گردن پر ایک سوئی سی چبھتی محسوس کی

راسم جو کہ پیچھے کھڑا یہ تمام کاروائی دیکھ اور سن رہا تھا ..اس کے چاقو شہہ رگ پر رکھنے سے بلکل بے اختیار ہو کر بغیر سوچے سمجھے بے ہوشی کا انجیکشن اس کی پچھلی گردن میں انجیکٹ کر چکا تھا.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

آہہہہہہ .....وہ سسکی ..اس سے پہلے کچھ سمجھ آتا وہ بلکل نرم اور نازک حسین سا وجود راسم کی فولادی اور آہنی بازوؤں میں جھول گیا تھا..

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

بیسمنٹ میں بیٹھے سوہم نے پاشا کو کالی کے جہنم رسید کرنے کی اطلاع دی تھی..

سب موجود تھے .. سوائے کبیر، راسم ،ریما اور رجا کے .وہ پاشا کے ضروری کام سے دوسرے شہر گئے تھے.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اور وہ ضروری کام کسی کو دردناک موت دینے کا تھا جو راسم کے سپرد کیا تھا اس نے

..اب تک تو اچھی روپوٹ تھی

..حال میں پاشا کی آواز گونجی

دو تین دن تک بیرون ملک سے سمگل ہو کر ہماری اسلحے کی کھیپ پہنچ رہی ہے...

..مگر مختلف بڑے شہروں میں ...الگ الگ

سوات والے اڈے پر راسم جائے گا ..میں اور کبیر جہلم جائیں گے ٹورسٹ بن کر، اور سوہم تم نے کہا تھا کہ تم نے اپنے ضروری کام سے بھی جانا تھا اس لیے ...فیصل آباد چلے جانا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.مگر کام میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں ہوگی ..پاشا نے سنجیدگی سے کہا

نہیں ہوگی.... فیصل آباد کے نام پر سوہم کے چہرے پر سایہ سا آکر گزرا تھا جو کہ ..وہ بڑی آسانی سے چھپا گیا تھا

مگر ریشماں کی نظروں سے چھپ نہیں پایا تھا ..آخر بیالیس سال کی عمر کا تجربہ ..تھا

..میٹنگ برخاست ہو چکی تھی

پاشا کے جانے کے بعد سوہم جھٹکے سے اٹھ کر اوپر پورشن میں موجود اپنے بیڈ روم ..میں آیا تھا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

صوفے پر بیٹھ کر سگریٹ سلگائی اور اپنا ذہن پرسکون کرنے کی ناکم سی کوشش کی..

ریشماں روم میں داخل ہوئیں..

سوہم آنکھیں موندے صوفے پر نیم دراز تھا..

وہ آکر قریب بیٹھ گئیں ..وہ احتراماً سیدھا ہو گیا.

شادی کر لو سوہم خان ..تمھارے ڈھیر سارے بچے کھلانے ہیں میں نے ...انھوں نے پیار سے کہا..

pdfnovelsbank.blogspot.com

آپ کو پتہ ہے .....بی جان کبھی روح کو ایک قاتل اور خونی کے حوالے نہیں کریں گی ..اس کی آنکھیں لہو ٹپکا رہیں تھیں.

..جبکہ اس کی بات پہ ریشم نزاکت سے مبہم سا مسکرائی

..میں نے اسُ کا تو نام بھی نہیں لیا بچے

..سوہم نے پہلو بدلہ ...اور اٹھ کر کھڑکی میں کھڑا ہو گیا

..اسے ایک لڑکے کے ساتھ دیکھا گیا ہے ..ریشماں نے سرسری سا کہا

Pdf Novel Bank

تو ٹھیک ہے آپ طلاق کے پیپر بنوا دیں ..آزادی دے آؤں گا ..اسے ...تاکہ اپنی مرضی کی زندگی گزار سکے.

ایک مرتبہ دیکھ لو کیا پتہ ارادہ بدل جائے.

..نہیں بدلے گا ...وہ ریشماں سے نظریں نہیں ملا رہا تھا

..اور تم نے تو قسم کھائی تھی ..کہ حویلی نہیں جاؤ گے ..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

میں نے کئی ایسے کام کیے ہیں جو نہیں کرنا چاہتا تھا ..ویسے بھی بی جان نے پیغام بھیجا ہے کہ ان کی پوتی کو آزادی کا پروانہ دے دوں ..اس کا تلخ اور سر سراتا لہجہ تھا.....

اسی لئے ایک مرتبہ جاؤں گا .. حویلی..ضرور جاؤں گا.

کیوں جانا چاہتے ہو ..طلاق کے پیپر تو سائن کر کے یہاں سے بھی بھیج سکتے ہو؟ ریشماں الجھی..

یہ بھی بی جان کا حکم ہے کہ ان کے سامنے بیٹھ کر سائن کروں ...انھیں اپنے پوتے پر اعتبار نہیں ....لیکن مجھے زرا برابر بھی پرواہ نہیں ..کر آؤں گا سائن....

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اگر پرواہ نہیں تو سات سال سے کیوں پل پل ان پر نظر رکھی.، کیوں ان کی حفاظت کی؟ کیوں پیسے بھیجتے ہو؟

...سوہم نے پہلو بدلا ...یہ میری زمہ داری تھی

تمھاری زمہ داریوں سے تو بی جان تمھیں سات سال پہلے ہی بری الزمہ کر چکیں تھیں سوہم خان ...تو پھر

وہ دن یاد مت کروایا کریں ریشماں؟

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کیوں ایک جلاد کو بھی تکلیف ہوتی ہے...؟

نہیں .... نہیں ہوتی ..نا کبھی کسی چیز سے ہوگی تکلیف

...بنایا ہے تاکہ کسی چیز سے تکلیف نا ہو executioner اسی لئے خود کو..

....بھاڑ میں جائے ہر چیز

وہ کہتا ...بغیر ریشماں کی آنکھوں میں دیکھے اپنی پسٹل اٹھائے ..وہاں سے جا چکا تھا..

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

سوہم باہر نکلا تو کوئی اس کے تعاقب میں تھا ...جب وہ کوریڈور سے گزر رہا تھا تو ..اچانک مڑ کر تعاقب کرنے والی کہ بھیجے پر پسٹل تانی

...وہ جی جان سے مسکرائی ...اور اس کی گلے میں بانہوں کا ہار پہنایا

...طلاق دو گے اسے ...تو کیا میں سمجھوں کہ پھر میرا چانس ہے

..سوہم نے اسے خود سے کھینچ کر دیوار میں دے مارا تھا

..دھواں دھواں چہرا لیئے بھسم کرنے والا انداز تھا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کومل کتنی مرتبہ کہا ہے کہ مجھ سے دو فٹ کے فاصلے پر رہا کرو ... نہیں تو کسی دن تمہاری شہہ رگ نہیں بھیجا اڑا دوں گا......وہ غرایا

وہ جھٹکے سے پیچھے مڑی..چہرے پر خون کی لکیریں تھیں مگر وہ ڈھیٹ بنی مسکرا رہی تھی. بھیجا کیوں یہ دل اڑا دو سارا قصور جس کا ہے

Go to the he'll you..........

..سوہم نے گالی منہ میں روکی اور تن فن کرتا نکلا

مگر

...وہ پھر بیچ میں آئی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

...اوکے مجھے پاشا نے بھیجا ہے یہ کہہ کر کہ میں تمھارے ساتھ جاؤں گی

جب جانا ہوگا بتا دوں گا ابھی اپنی منحوس شکل گم کرو یہاں سے ...وہ چبا چبا کر کہتا ...سگریٹ دو مرتبہ انگلیوں میں گھما چکا تھا

اب کومل گبھرائی اور فوراً اس کے سامنے سے غائب ہوئی ..ریشماں اسے افسوس ..سے کھڑکی سے جاتا دیکھ رہی تھی

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

...وہ ایک نرم و نازک گداز وجود تھا

...مکمل ڈھانپا ہوا

راسم اسے بازوؤں میں بھرے ان کی جانب انتہائی سنجیدگی سے آیا تو کبیر حیران ہوا..

..یہ خود کشی کرنے لگی تھی ..مجھے کچھ سمجھ نا آیا تو بے ہوش کر دیا

تو اب ...ہمیں نکلنا ہے ابھی ...ٹارگٹ کی لوکیشن پتا چل چکی ہے...پھینکو اس کو ادھر ہی ہمیں جانا ہوگا ؟ کبیر نے کہا.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اب جان بچائی ہی ہے تو پھر کیوں پھینکو گے .....جانے کن بھیڑیوں کے ہاتھ لگ جائے ...فی الحال گاڑی کی ڈگی میں ڈالو اور کام پہ فوکس کرو ..بعد میں دیکھتے ہیں کیا کرنا ہے....ریما نے کہا

وہ جلدی سے اٹھے ..راسم نے اسی سنجیدگی سے اسے اس کے چھوٹے سے بیگ سمیت بڑی سی گاڑی کی ڈگی میں ڈالا

...اور گاڑی میں بیٹھے

..گاڑی ایک چھوٹے سے ہوٹل کی بیک سائیڈ پر رکی تھی

..جس کے سارے سی سی ٹی وی کیمرے ہیک کر لئے گئے تھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.راسم اور رجا اطمینان سے ہوٹل میں داخل ہوئے

.رجا کے ہاتھ میں ایک بڑی سی کون نما چیز تھی

.مطلوبہ کمرے کے باہر کھڑے ہو کر دستک دی

.دروازہ کھولنے والے کے منہ پر راسم کو دیکھ کر ہوائیاں اڑی تھیں

..جلدی سے دروازہ بند کرنا چاہا

..مگر وہ دروازہ کو ایک زور دار لات رسید کر کے اندر داخل ہو چکا تھا

..وہ دھاڑ سے پیچھا گرا

pdfnovelsbank.blogspot.com

راسم نے رجا کی جانب ہاتھ بڑھایا ..رجا نے اس کون نما چیز سے برف کا ایک بہت نوکیلا ٹکڑا نکال کر دیا..

جوکہ راسم نے اپنے پورے زور سے سامنے پڑے شخص کے دل میں گھونپ دیا تھا ..برف کا وہ نوکیلا ٹکڑا اس کے دل کے آر پار ہوا تھا.

وہ کٹے بکرے کی طرح تڑپ اور چنگھاڑ رہا تھا...

راسم دوزانو اس کے پاس بیٹھا اور سراسراتے لہجے میں بولا..

Pdf Novel Bank

وزیر صاحب ........تم جیسے دھرتی پہ پڑے بوجھ کے لئے ہم جیسے جلاد پیدا کیے گئے ہیں...جس کے بل پر تم اتنے اچھل رہے تھے پہلے تو وہ جب تک یہاں پہنچے گا تم کتے کی موت مر چکے ہو گے...

مجھ سے الجھ کر غلطی کی اس نے ...میں چاہتا ہوں پہلے تو وہ تمہاری موت کی وجہ بننے والے ہتھیار کے بارے میں جاننے کی کوشش میں اپنا بھیجا فرائی کرے اس کے بعد مجھ سے نمٹنے...

..یہ کہہ کر راسم نے اسے ایک ٹھوکر رسید کی اور وہاں سے نکلتے چلے گئے

.گاڑی میں بیٹھ کر گاڑی بھگائی

.اب ان کا یہاں کوئی کام نہیں تھا

pdfnovelsbank.blogspot.com

.انھیں جلد اپنے ٹھکانے پہنچنا تھا

...پاشا نے آرڈر دیا تھا کہ کام پورا کر کے فوراً واپس پہنچو

........اس سب میں وہ لوگ

ڈگی میں موجود اس نازک سی جان کو بلکل فراموش کر بیٹھے تھے ..بلکل بھول چکے تھے..

مگر راسم نے اسے جو بے ہوشی کی ڈوز دی تھی وہ کافی ہیوی تھی ..اور منزل پر پہنچنے سے پہلے اس کے اٹھنے کے چانس بلکل نہیں تھے.

Pdf Novel Bank

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

سیفی تم اتنے بے حس کیوں ہو،؟ زمل جھنجھلائی ..میں تمھیں سمجھا سمجھا کر تھک چکی ہوں یار کب سمجھو گے سترہ کے ہو چکے ہو بابا کا ہی کچھ خیال کر لو..اپنی زمہ داریوں کو سمجھو سیفی ..ہمارا آخری سہارا تو تم ہی ہو ..دل لگا کر کیوں نہیں پڑھ رہے کیوں غلط سنگت اختیار کر رہے ہو ..بابا بہت پریشان ہیں ..زمل کی آنکھیں نم ہوئیں ..

اونہہ ....اتنی سی عمر میں آپ مجھ سے کون کون سی امیدیں لگا کر بیٹھی ہیں آپی .....ہے ہی کیا ہمارے پاس یہ تین کمروں والا گھر ....میری عمر کے لڑکوں کو نا کوئی فکر نہ پریشانی ...عیش سے اپنے باپ کے پیسوں پر جی رہیں ہیں ..میرے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ہر دوست کے پاس لیپ ٹاپ اور بائیک ہے میرے پاس کیا ہے بس یہ زمہ داریاں...

وہ تلخ ہوا اور پھر خود ترسی کا شکار ہوا

.....زمل نے بے بسی سے اسے دیکھا

سیفی احساس کمتری کو پالنے کی بجائے یار محنت نہیں کر سکتے ...مجھے بھی تو د..............

او .....کم آن آپی اب اپنی مثالیں مت دینے بیٹھ جانا .....میں نے اتنی محنت کی یہ وہ ... مجھ سے نہیں ہو گا ..نا امید رکھیں ..میں تو کم وقت میں ڈھیر ساری دولت کمانا چاہتا ہوں ...وہ بد تمیزی سے بولا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

زمل ضبط کر گئی ...میں تم پہ کوئی زمہ داری نہیں ڈال رہی سیفی ....بابا معزور ہوئے اس میں ان کی کوئی غلطی نہیں تھی ...ان کے معزور ہونے کے بعد میں یہ زمہ داریاں اٹھا رہی ہوں .. تمھیں تو بس ایک اچھا انسان بننا ہے سیفی.بس غلط سنگت چھوڑ دو ..میں یہ تو نہیں...

..آپی پلیز.....وہ تن فن کرتا جا چکا تھا زمل سر پکڑ کر بیٹھ گئی

میں تھی تو بابا فیکٹری Fsc ماں تو کچھ سال پہلے ہی فوت ہو چکی تھی جب وہ میں کام کرتے ہوئے حادثے کا شکار ہوئے تھے جس کی وجہ سے سے ان کے پاؤں کاٹ دیئے گئے تب زمل نے بہت محنت سے زندگی کی گاڑی گھسیٹی تھی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کیا اور یہ اس کی محنتوں کا ہی نتیجہ تھا کہ اب گورنمنٹ سکول میں Msc جیسے تیسے جاب لگ گئی تھی.

بائیس کی تھی ..بڑی چھوٹی عمر میں نازک کندھوں پر بوجھ آ پڑا تھا.

اب اگر سکون سے سانس لینے کا وقت آیا تھا تو سیفی جو ایک حساس اور احساس کمتری کا شکار ٹین ایج لڑکا تھا ..ہاتھوں سے نکلا جا رہا تھا..

ایک دو شکایتیں آ چکی تھی .نعیم صاحب کو کے لڑکے پر نظر رکھیں ...غلط سنگت میں اٹھنا بیٹھنا ہو رہا ہے..

اور بد قسمتی سے ان کے گھر کے بلکل سامنے بنی کوٹھی میں عجیب وغریب قسم کے پر اسرار لوگ رہتے تھے ..نا کسی سے ملتے تھے..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

...نا محلے میں سے کوئی اس گھر میں جانا چاہتا تھا

..مگر سیفی کو دو تین مرتبہ وہاں جاتے دیکھا گیا تھا

..زمل نم آنکھیں لئے کچن میں آئی اور کھانا تیار کرنے لگی

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

گاڑی پچھلے دروازے سے پورچ میں داخل ہوئی تھی ..راسم کبیر، ریما اور رجا گاڑی سے اترے ..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ریشماں کی شاگرد پنکی اور اس کی کچھ چیلیاں کسی خاص فنکشن کے لئے تیار ہو کر بڑے زرق برق لباس پہن کر جانے کے لئے پورچ میں داخل ہوئیں تھیں..

جب عجیب سی دھمک کی آواز آئی تھی..

وہ سب چونکے تھے..

جب انھیں یاد آیا کہ انھوں نے ایک جیتی جاگتی جان ڈگی میں بند کر رکھی ہے..

اری .....یہ کیسی آواز ہے..پنکی بولی.

راسم سنجیدگی سے ڈگی کی جانب بڑھا اور اس کا لاک کھول دیا..

وہ ہرنی جیسی سہمی آنکھیں لئے ایک جست میں ڈگی سے باہر آئی تھی..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ڈگی میں مزاحمت کے دوران (چادر بھی سر سے سرک چکی تھی.

اور وہاں پر موجود ان لڑکے لڑکیوں کو دیکھ کر ...ان خواجہ سراؤں ۔ ان کے لباس ...اور ماحول کو دیکھ کر بہت کچھ غلط سمجھی تھی

وہ سب سوائے راسم اور کبیر کے مبہوت سے اس براؤن آنکھوں اور براؤن بالوں ..والی گڑیا کو دیکھ رہے تھے

جس کا سنہری رنگ گہرے کلر میں سونے کی طرح دمک رہا تھا.

کون ہو تم لوگ ....مجھے یہاں لانے کی جرات بھی کیسے کی ..اس نے فوراً بیگ ٹٹولا تھا ..جس میں اپنا چاقو نا پا کر خوف سے سفید پڑی تھی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اگر تم لوگوں کو لگتا ہے کہ مجھ سے کوئی غلط کام کروا سکتے ہو تو یہ تمھاری غلط فہمی ہے.

..فانیہ نے ایک ہنگامہ کھڑا کر دیا تھا

.پنکی اور اس کی چیلیاں بڑی دلچسپی سے اسے دیکھ رہیں تھیں جبکہ

..اف یہ لڑکی اور اس کی چلتی زبان ..راسم نے خونخوار نظروں سے ادے گھورا

.اتنے میں ہی وہاں ریشماں، پاشا اور سوہم آئے تھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..اری کیا تماشہ ہے یہ ..کیوں ہنگامہ مچا رکھا ہے ..کیا ہو رہا ہے میرے گھر میں ..ریشماں ناگواری سے بولیں

...جبکہ فانیہ کی تو یہ ماحول دیکھ کر جان لبوں پر آگئی تھی

لپک کر گیٹ کی جانب بھاگنے کی کوشش کی ..ریما نے اس کا بازو پکڑا مگر وہ ہتھے ..سے اکھڑ رہی تھی

راسم طیش میں اس کی جانب بڑھا اور بازو سے کھینچ کر رخ اپنی جانب کیا اور ایک .زور دار تھپڑ رسید کیا

وہ بھی تو نا کچھ سن رہی تھی نا سمجھنے کی کوشش کر رہی تھی ..بس ہنگامہ مچا رکھا ..تھا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

پورے دن کی بھوک، پیاس، غنودگی کمزوری ڈپریشن اور اس فولادی ہاتھ کا کمال تھا

.کہ وہ ایک مرتبہ پھر زمین بوس ہو چکی تھی

.راسم نے دانتوں تلے لب کچلے

..ایک سیکنڈ سے پہلے سب لاؤنج میں پہنچو ..کوئی کہیں نہیں جائے گا

.ریشماں نے حکم سنایا

..راسم کے سر پر خطرے کی گھنٹیاں بجیں

کیونکہ اب ریشماں کی عدالت لگنی تھی

.جس میں قصور وار راسم ٹھرایا جانے والا تھا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کیونکہ یہ اس کی غلطی تھی کہ وہ انجان لڑکی ریشماں کی جاگیر میں داخل ہو چکی تھی...

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

..ریحاب پھٹی پھٹی آنکھوں سے اپنی بھابھی شاہینہ کو دیکھ رہی تھی

...اور سوچ رہی تھی کہ ڈائن بھی سات گھر چھوڑ کر کھاتی ہے

اے سنو...مجھے کوئی اعتراض نہیں چاہیے ..بس میرا آخری فیصلہ ہے اس مہینے کی تیس تاریخ کو تمھارا نکاح کرنے والی ہوں میں اپنے بھائی کے ساتھ....وسیم کا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

بھی یہی فیصلہ ہے ... تمھیں کچھ کرنے کی ضرورت نہیں میں خود ہی تیاری کر لوں گی.

لاپرواہی سے کہتی شاہینہ اندر اپنے کمرے میں چلی گئی.

محلے کہ ایک دو معزز گھر سے اس خوبصورت بلا کے رشتے آئے تھے ..اور اس سے پہلے ک وہ ہاتھ سے نکلتی یا وسیم کا ضمیر بدلتا اس نے یہ کام نمٹانے کا بھی فیصلہ کر لیا تھا.

اور پیچھے رحاب اس بدقماش، آوارہ، نکمے اور نظر باز انسان کے ساتھ اپنی زندگی سوچنے لگی.

جس کی نظروں سے ہی اسے گھن آتی تھی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.....پوری زندگی اس کے ساتھ ...چھی

.اسے کراہیت محسوس ہوئی

بے تحاشا روتے اس نے کوئی معجزہ ہونے کی دعا کی ..اللہ تعالیٰ سے لو تو پہلے ہی لگا رکھی تھی یہ ظلم سننے کے بعد تو بس یہ دعا کی تھی کہ کوئی فرشتہ آئے اور اسے بچا لے..

..اور شاید دعا قبولیت کا شرف حاصل کر چکی تھی

.مگر کیسے اسے معلوم نہیں تھا

.مگر دعا قبول کرنے والے نے خود ہی راستے نکال دیئے تھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

...اسی لیے اگلے دن ہی اس کی بیسٹ فرینڈ چلی آئی

آؤٹنگ کے لئے Rohtas fort اور کالج کی طرف سے جہلم کے تاریخی مقام جانے کا بتایا..

..میری بھابھی کبھی نہیں مانے گی ...رحاب نے اشارہ کیا

اوں ....مجھے پتہ ہے اسے کونسی زبان میں منانا ہے .فضہ اسے لئے شاہینہ کے پاس گئی اورمدعا بیان کیا.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..ارے واہ بھئی کھانے کے لالے پڑے ہیں اور میڈم کو سیر سپاٹوں کی پڑی ہے کہیں نہیں جا رہی یہ اور خرچہ کون کرے گا اس کا باپ ...حسبِ معمول شاہینہ نے زہر پھونکا.

لیکن سامنے رحاب نہیں فضا تھی.

ارے میری پیاری بھابھی ...دراصل یہ میری بیسٹ فرینڈ ہے میرا اس کے بغیر جانے کا دل نہیں کرے گا.ایک دن کی بات ہے صبح جانا ہے شام کو واپس.. اس کا سارا خرچہ میں اٹھاؤں گی ...بلکہ آپ کو بھی دو ہزار دوں گی ..دیکھنا اس کی ٹینشن لے لے کر کیسا روکھا پھیکا ہو گیا ہے چہرہ آپ کا ...آپ زبردست سا فیشل کرانا ..پھر یہ آکر آپ کی ہر بات مانے گی ...نکاح والی بھی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

...فضا نے لالچ دیا اور پرس میں سے دو ہزار نکال کر ہاتھ میں تھامے

..شاہینہ کی رال ٹپکی

..ویسے وسیم تو نہیں مانتے مگر تم اتنا اصرار کر رہی ہو تو چلی جاؤ ..اور جانا کب ہے

..کل جانا ہے بھابھی .. گیشل کروا کر آپ کی خوبصورتی میں چار چاند لگ جائیں گے

.فضہ شاہینہ کی مٹھی میں پیسے دباتے بولی

.رحاب نے نم آنکھوں سے فضہ کو تشکر بھرے احساس سے دیکھا

.فضہ نے اسے آنکھوں سے اشارہ کر کے تسلی دی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

.ساری بات سننے کے بعد ریشماں راسم کی طرف متوجہ ہوئی تھی

.سب موجود تھے

وہ جو بے ہوش تھی

اب وہ بھی ہوش میں آنے کے بعد سہمی سی لاؤنج سے ملحقہ دروازے سے لگی کھڑی سب سن رہی تھی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

لاؤنج میں ریشماں کی بھاری مردانہ سی آواز گونجی.

راسم کیوں لائے ہو اسے یہاں ... کس رشتے سے ..اور بقول تمھارے ہی وہ بول رہی تھی کہ وہ کسی غلط ہاتھوں میں نہیں جائے گی ..تو تم نے اسے کس حق سے اور کیوں ہاتھ لگایا..اور پھر بغیر اس کی مرضی کے اسے یہاں لے آئے،؟

راسم کے پاس کوئی جواب نہیں تھا..یہ تو وہ بھی نہیں جانتا تھاکہ اس نے ایسا کیوں کیا تھا.

اب اگر ایسا تم نے کیا ہے تو تم ہی اس کی زمہ داری اٹھاؤ گے .. تمھیں ابھی اور اسی وقت اس سے نکاح کرنا ہوگا.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ریشماں جانتی تھی کہ وہ چاروں اپنی زندگیوں سے کھیل رہے ہیں .مگر وہ ان کو خوش دیکھنا چاہتی تھی .راسم پہلی مرتبہ کسی لڑکی کی جانب متوجہ ہوا تھا.

..یہ معمولی بات ہرگز نہیں تھی

راسم نے تو انھیں خود ہی موقع دے دیا تھا..اب وہ اسے گنوانے کے موڈ میں .. ہرگز نہیں تھی.

.اس بدکتے گھوڑے کو ایسے نکیل ڈالنا ہی بہتر تھا

دروازے کے پاس وہ کھڑی ان اجنبیوں کو اپنی زندگی کا فیصلہ کرتے دیکھ جی جان سے لرزی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..ابھی عمر ہی کیا تھی ..اٹھارہ کی تو تھی

.مگر اب دنیا پر اس کا تھا ہی کون..جو اس کے لیے فیصلہ کرتا

.اور اگر وہ اس سے باز پرس کر رہی تھی تو کوئی نیک انسان ہی تھی

.اگر وہ نکاح کی بات کر رہے تھے تو وہ برے نہیں تھے

ایک محفوظ ٹھکانہ

.ایک محافظ ہی سہی

..یہ سوچ کر تسلی ہوئی اور خود کو اپنے رب کی رضا کے حوالے کر دیا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..ادھر ریشماں کی بات سن کر راسم کے سر پر وائٹ پیلس کی چھتیں گری تھی

میں آپ کی بہت عزت کرتا ہوں ریشماں مگر ایسا کچھ بھی نہیں کروں گا ...راسم نے سرد تاثر سے کہا.

راسم ...ہاؤ ڈئیر یو ....ہمت بھی کیسے ہوئی تمھاری ....ریشماں کی حکم عدولی کی...اب اگر انھوں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ یہ نکاح ہو گا مطلب ابھی ہوگا...

سوہم جو کہ خاموشی سے یہ سب کاروائی دیکھ رہا تھا ..پاشا کے بولنے سے پہلے دھاڑا ..کیونکہ اس کی بات پر پاشا اور سوہم دونوں اپنی جگہ سے اٹھے تھے.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

راسم کی زبان بند تھی ..کیونکہ اب کوئی چارا نہیں تھا ..خونخوار نظروں سے دروازے میں لہراتے سرمئی آنچل کو گھورا..

آپ سب لوگ مجھ سے ہی کہہ رہے ہیں ایک مرتبہ اس سے بھی پوچھ لیں ..جس کی زندگی کا فیصلہ کر رہے ہیں.

راسم نے آخری امید کے طور پر آخری پتہ پھینکا ..کیونکہ اس کے حساب سے وہ زناٹے دار تھپڑ کھانے کے بعد تو اسے صاف انکار کردینا چاہیے تھا..

مگر...

وہ سب سن رہی ہے اگر اعتراض ہوتا تو بیچ میں ہی بول پڑتی ...اب اس کا دنیا میں کوئی نہیں ..تو تم اس کی زمہ داری اٹھاؤ گے..بہت کم عمر لگ رہی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ہے....اسی لئے معصوم ہے ...اور اگر اسے زرا بھی تکلیف دی تو میں سمجھوں گی

..تمھاری نظر میں میرے احسانوں کی کوئی اوقات نہیں

.راسم تڑپ گیا ...مگر خاموش ہو گیا

..پاشا نے اپنے آدمیوں کو اشارہ کیا

..اور بھلا وائٹ پیلس میں کپڑوں، زیورات اور میک اپ کی کیا کمی تھی

..نا نا کرنے کے باوجود اسے بہت فینسی سا بلکل نیا شاکنگ کلر لہنگا پہنا دیا گیا تھا

مگر ڈریس بے تحاشا بولڈ تھا .گہرا گلا ...ہاف بلاؤز ..اور پیچھے بس ڈوریاں

اس نے صاف انکار کیا ....مگر ریما بولی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

دیکھو یہاں سبھی فینسی اسی طرح کے ڈریس ہیں. میں، رجا اور کومل تو پینٹ شرٹس پہنتی ہیں...

یہاں کوئی نہیں آئے گا..باہر چادر لے لینا اور بس تمھیں تمھارا شوہر دیکھے گا...اسی لئے یہ دیکھو ان سب کی خوشی کے لئے پہن لو...

وہ جو ڈھیر سارے خواجہ سرا آج اپنے ہی گھر کے فنکشن کے لئے مرے جا رہے تھے .فانیہ نے ایک نظر ان کے تمتماتے چہرے پر ڈالی ..تو اسنے سر جھکا لیا.

ریما نے اسے کھانا بھی کھلایا تھا...

زندگی میں پل پل کی زلالت کے بعد اتنے پروٹوکول ملنے کے بعد وہ تو بچوں کی طرح خوش ہی ہو گئی تھی..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.مگر نہیں جانتی تھی کس طوفان سے الجھنے چلی ہے

.جب تیار ہوئی تو ایک مرتبہ تو ریما بھی حیران پریشان سی ہو گئی

.. .ارے پنکی دیکھو تو زرا .......راسم تو آج گیا .دیکھتے ہی قدموں میں گر جائے گا

ریما نے ان سب کو بلا کر ان کی توجہ اس کی طرف دلائی اور ایک زور دار سیٹی

..بجائی

..وہ بھی لگے ناچنے گانے ..رجا اور کومل نے بھی ہوٹنگ شروع کر دی

شاکنگ کلر میں اس کا گورا رنگ دمک رہا تھا ..میک اپ نے تیکھے نقوش اور دو آتشہ

..کر دیئے تھے ..وہ تو کوئی اپسرہ ہی لگ رہی تھی

..وہ تو شرم سے دوہری ہی ہو گئی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کچھ دیر بعد ہی مولوی صاحب آئے اور وائٹ پیلس میں پہلی مرتبہ نکاح جیسا مقدس بندھن باندھا گیا.

تیز میوزک ۔ ایک جشن تھا جو آج اس گھر میں جاری تھا

..پنکی اور اس کی چیلیوں نے گئے رات تک ہنگامہ مچا کہ رکھا

.اور تو اور ریما کومل اور رجا نے بھی ان کا ساتھ دیا

. . .سوہم، پاشا اور کبیر نے خوب فائرنگ کی

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ ڈری سہمی سی اب اوپر والے پورشن پر موجود اس سجائے گئے کمرے میں بیٹھی جھلا رہی تھی.

.بیگ اسی لاؤنج والے کمرے میں رہ گیا تھا

ریما شرارت میں وہ چادر بھی جو اس نے لی ہوئی تھی اپنے ساتھ لے جا چکی تھی....

اور جو دوپٹہ تھا وہ بھی اتنا باریک تھا کہ جسم کی تمام رعنائیاں واضح ہو رہی تھیں..وہ دوپٹہ سر سے اتار کر اپنے جسم کے ارد گرد اچھے سے لپٹایا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اونہہ ...یہ سب تو کتنے اچھے ہیں ..مگر میں ابھی اس شخص پر بھروسہ نہیں کر سکتی .. نہیں آنے دوں گی میں انھیں اپنے قریب ....

اب کیا کروں ..اٹھ کر وارڈ روب میں دیکھا تمام مردانہ کپڑے ...یقیناً اس کے بگڑے تیوروں والے مجازی خدا کے ہوں گے ..ابھی وہ جائزہ لے ہی رہی تھی کہ پیچھے دروازہ کھلنے اور بند ہونے کی آہٹ محسوس ہوئی.

وہ جی جان سے لرزی اور اس وقت کو کوسا جب وہ بستر سے اٹھی ..کم از کم کمفرٹر میں تو دبک ہی سکتی تھی ..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ادھر وہ جلتا سلگتا اپنے کمرے میں داخل ہوا تھا ..سوہم اور کبیر نے زبردستی اسے بھیجا تھا ..

..مگر ڈور لاک کر کہ جوں ہی مڑا تو پہلے تو ہکا بکا رہ گیا پھر تن بدن میں آگ لگ گئی

..بھناتا اس کی جانب بڑھا

.یہ کیا بے ہودگی ہے .....وہ دھاڑا

وہ جو اسے چادروں میں لپٹی ہوئی کو اٹھا کر لایا تھا ..ایسے بے ہودہ لباس میں دیکھ کر جل ہی تو گیا.

مگر شاید بھول گیا کہ وہ باہر چادر میں ہی تھی ..اور اب بس اپنے شوہر اپنے محرم کے سامنے ایسے تھی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.وہ ... مم ... میں نے .انکار کیا تھا .. مم .مگر ریما ..آپی . نن

اس کی بات پوری نہیں ہوئی تھی کہ اس نے آکر بازو سے اسے سختی سے دبوچا...ایک ہاتھ چہرہ سخت گرفت میں لیا....

آئندہ جتنا جسم کا حصہ کپڑے کے بغیر ہوا ...اتنے حصے کو تیزاب ڈال کر جلا دوں گا سمجھیں..جیسے لایا تھا خود کو ویسے ڈھانپ کر نہیں رکھا تو جان لے لوں گا تمھاری ..وہ غرایا

چھوڑیں مجھے درد ہو رہا ہے .. مم میں نے کہا نا رر .ریما آ....آپی نے .وہ مچلی ...مگر راسم کے تو ہوش ہی اڑ چکے تھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اتنے قریب وہ نرم و نازک خوشبوؤں میں بسا وجود.اس کا دو آتشہ حسن اور چھلکتی رعنائیاں ..اور اس پر متضاد ملکیت کا احساس ..اسے بہت کچھ کرنے پر اکسا رہا تھا..

چھوڑیں ... مم .....بلکل اچانک ہی راسم نے پورے حق سے جھک اس کی بولتی بند کی تھی.اور اس کی سانسیں اپنی سانسوں میں الجھائیں..کمر کو آہنی گرفت میں لے کر خود میں بھینچا...

لمس دہکتا، جان لیوا سا تھا ...فانیہ تڑپی ...ابھی اس ظالم کی قربت میں بھی جیسے وہ اسے اذیت ہی دے رہا تھا..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کچھ کمر میں کیلوں کی طرح چبھتی اس کی انگلیاں.

وہ بے تحاشا رو دی.

فانیہ کے آنسو جب اس کے گریبان میں گرے تو اسے ہوش آیا.

اسے پیچھے مڑ کر بیڈ پر پٹخا ...کمفرٹر اٹھا کر اس کے اوپر گرایا پھر ایک ہاتھ سے اس کا منہ دبوچا.

میری بات غور سے سنو .....پہلی اور آخری مرتبہ بول رہا ہوں ...جب بھی میں کمرے میں آؤں خود کو اس کمرے میں بند کر لینا.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..راسم نے اس کمرے کے نلکل ساتھ والے ملحقہ کمرے کی طرف اشارہ کیا

میرے سامنے مت آنا ....دور رہنا مجھ سے .... نہیں تو حشر بگاڑ دوں گا ....یا مر جاؤگی میرے ہاتھوں..

.وہ کیتا تن فن کرتا باہر نکلا تھا

فانیہ نے سسکتے سکون کی سانس لی مگر کچھ ہی دیر میں وہ پھر دھاڑ سے دروازہ کھول کر اندر داخل ہوا.اور دروازہ لاک کیا.

..فانیہ کی سانس ایک مرتبہ پھر اٹکی مگر وہ کمفرٹر میں دبکی رہی

..راسم نے لاکر اس کا بیگ بیڈ پر پھینکا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.اٹھ کر چینج کرو یہ بے ہودہ لباس ...وہ دھاڑا ..مگر وہ کمفرٹر میں منہ دے گئ

.اب اٹھتی ہو کہ یہ کام بھی میں کروں ......وہ بوکھلا کر اٹھی ..اور بیگ اٹھایا

..راسم نے اس کی جانب سے رخ موڑ لیا

..مگر گھبراہٹ میں اس سے بیگ کی زپ بھی نہیں کھل رہی تھی

.چوڑیوں کی کھنکتی چھنکار نے پھر راسم کا دماغ گھمایا

..دوسرے کمرے میں دفاع ہو جاؤ ...گیٹ لاسٹ ...وہ پھر دھاڑا

وہ بیگ اٹھا کر چھپاک سے دوسرے روم میں آئی پیچھے مڑ کر لاک لگایا اور لمبی سانس کھینچ کر وہیں بیٹھتی چلی گئ...

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

...کھڑوس .... جلاد کہیں کے .....دل میں کوسا

...لیکن جب اپنے حلیے پر پھر نظر پڑی تو کانوں تک سرخ ہوئی

اچھا ہے ..وہ غصہ نا ہوتے تو کیا کرتے ...کتنا گندہ لباس ہے یہ ......اور شکر ہے کہ غیرت والے ہیں ...میری حفاظت کریں گے.

...وہ دل میں خوش ہی ہو رہی تھی ..اس کے ہر عمل سے

اونہہ ....آرام سے نہیں بول سکتے تھے..تیزاب پھینک دوں گا ..مار دوں گا ..منہ بنا کر دل میں اس کی نقلیں اتاری.

وہ پھر جھلائی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..مگر خود ہی ہنس دی

ادھر آج راسم کے بستر پر کانٹے سے اگ آئے تھے..بری طرح ڈسٹرب تھا ...نیند تھی کہ آکر نہیں دے رہی تھی..

..رگوں میں خون کی بجائے جیسے دہکتا لاوا دوڑ رہا تھا

.دل تو کر رہا تھا ابھی اٹھے اور اس کا سکون برباد کرنے والی کا حشر بگاڑ دے

.ایسا کر بھی گزرتا . جتنا طیش میں تھا

.اگر ریشماں کا خیال نہیں ہوتا تو

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

اگلے ایک دن میں انھوں نے اپنے ضروری کام نمٹائے تھے.

کل انھوں نے مختلف شہروں میں اپنے کام نمٹانے کے لئے جانا تھا..

اپنی ضروری تیاری کر رہے تھے.

کیونکہ کام ان کا تھا اور نظر دشمنوں کی تھی ان پر..

سوہم نے پیپر تیار کر لئے تھے ...بظاہر وہ لاپرواہ سا اپنی جان چھڑانے چلا تھا.

مگر نہیں جانتا تھا کہ خود کو کس عذاب میں جھونکنے چلا تھا.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اگلے دن

.پاشا اور کبیر، رجا اور ریما .جہلم جا رہے تھے

راسم سوات

....سوہم اور کومل فیصل آباد کے لئے روانہ ہوئے

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

.وہ لاش ایک بہت بڑے بیسمنٹ کے فرش پر پڑی تھی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

پاس ہی ایک سانڈ نما درندہ اور شیطانی خباثت لئے ایک شخص دوزانو اس کے پاس بیٹھا تھا.

آس پاس ہی ڈھیر سارے آدمی اسلحہ پکڑے کھڑے تھے .ان کے ماتھے اور ہتھیلیاں پسینے سے بھیگی ہوئیں تھیں..

.کیونکہ سامنے جسکی لاش تھی

وہ ایک بہت بڑے سیاسی لیڈر اور جرم کی دنیا کے بے تاج بادشاہ، بادشاہ دادا کا بھائی تھا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وزیر ....میرے بھائی اٹھو ....جو فرمائش کرو گے پوری کروں گا ..اب تمھیں منع نہیں کروں گا.

جب لاش میں سے کوئی آواز نہیں آئی تو وہ اٹھا اور ایک آدمی کے ہاتھ سے خنجر چھین کر اس کی جانب لپکا جسے اس نے وزیر کی حفاظت کے لئے رکھا تھا ..اور سیکنڈوں میں اس کے پیٹ میں خنجر گھونپ گھونپ کر خون کی ندی بہا دی

کتوں، حرام خوروں وہ آئے اور آکر میرے بھائی کو مار کر چلے گئے..اور تم لوگ تماشا دیکھتے رہ گئے

..تم سے اچھی تو وہ جلادوں کی ہیجڑوں کی فوج ہے

...جو اپنا کام تو ٹھیک سے کرتے ہیں

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

...میں بھی تم لوگوں کو جہنم رسید کر کے ہیجڑے ہی نا پال لوں

وہ ...سر .......بابا ہمیں بتایے بغیر اس ہوٹل میں گئے تھے ..ایک آدمی گھگھیاتے بولا.

اب حرامزادو ..میرا منہ کیا دیکھ رہے ہو زمین کھودو یا آسمان ...مجھے پاشا کا اور اس کے کتوں کا سر چاہیے..

.بہت ٹانگ اڑا لی اس نے میرے کاموں میں ....بہت برداشت کر لیا میں نے

..ان کی کمزوری ڈھونڈو ..گھر والے، بچے یا ان کی رکھیل کچھ بھی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

میں اب خود ان کا سر کچلوں گا ...بادشاہ دادا سے الجھ کر بہت بڑی غلطی کر سی انھوں نے..

....اب جاؤ ڈھونڈو انھیں

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

بی جان اسے پوری حویلی میں آوازیں دیتی پھر رہی تھیں.. لیکن جانتی تھی آج سنڈے تھا اور وہ گھسی ہوگی کوئی پرانا سوٹ پہن کر چمارن بن کر مٹی اور گملوں میں.

Pdf Novel Bank

گارڈنگ کا جنون کی حد تک شوق تھا اسے ...اور حویلی کا جو شاندار سا باغیچہ تھا اسی کی محنت کا ثمر تھا.

ہوا بھی یونہی بی جان لان میں نکلی تو وہ منہ پر ملتانی مٹی کا فیس پیک لگائے مٹی سے اٹی بڑے بڑے گملوں میں گھسی ہوئی تھی..

بی جان نے ماتھا پیٹا ..ارے لڑکی حالت دیکھ اپنی ...کہاں سے لگتی ہو میری پوتی ... بھتنی لگ رہی ہو اس وقت..

وہ قہقہہ لگا کر ہنسی ...بی جان فکر مت کریں ابھی ہم جب سمینار کے لئے تیار ہو کر انار کلی بنیں گے پھر آپ کی پوتی ضرور لگیں گے..انداز شاہانہ سا تھا..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

دماغ خراب ہے لڑکی اتوار کو کونسا سمینار کا ہے کا سیمینار.

افف او بی جان .. سٹیٹ کے منسٹر آ رہے ہیں.اسی لئے آج ہی ہے .. ہم بس جا رہے ہیں تیار ہونے .سمینار لوک ورثہ اور ہماری ثقافت کو فروغ دینے کے لیے رکھا گیا ہے..

روحا نے تفصیل بتائی..

اچھا ...جو بھی ہے مگر آج سمینار سے واپسی پر حویلی مت آنا علی کے ساتھ اس کے فلیٹ چلی جانا ..بی جان کو سوہم کا فون آ چکا تھا اور انھیں الگ ہی فکریں ستا رہی تھیں..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

...لیکن کیوں بی جان ...آپ نے ایسا کیوں کہا؟ اسے حیرت ہوئی

لیکن ویکن چھوڑو بس جو کہا ہے وہ کرو

..بی جان کہتی اندر جا چکی تھیں .

اس نے کندھے اچکائے ..اور واپس اپنے کام میں مشغول ہو گئی ..بس ایک گھنٹہ تھا تیار ہونے کے لیے ..وہ اٹھی .. تبھی ایک شاندار بلیک رنگ بی ایم ڈبلیو بلکل ..انجان گاڑی حویلی کے اندر داخل ہوئی ..اسے تجسس ہوا

.تو وہیں کھڑی رہی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

پھر جو شخص گاڑی کی ڈرائیونگ سیٹ سے اتر کر باہر آیا اسے دیکھ کر اور پہچان کر روحا کے پیروں نیچے سے زمین کھسکی..

اور اس کے پیچھے آتی وہ بے باک سے لباس میں لڑکی..

وہ حیرت سے انھیں دیکھ رہی تھی.

سرخ و سفید رنگت، چھ فٹ سے نکلتا قد ..چوڑا کسرتی جسم، لائٹ پرپل شرٹ اور بلیک پینٹ میں وہ مردانہ وجاہت کا شہکار تھا..

وہ دونوں اسے دیکھ کر اس کی جانب آئے..

ہیلو میڈ...ہمیں بی جان سے ملنا ہے ..کدھر ہیں وہ..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.اس کے حلیے سے کومل اسے میڈ سمجھی

..وہ بولی کچھ نہیں بس اندر کی جانب اشارہ کیا

.سوہم سن گلاسز اتار کر اپنی سبز آنکھوں سے اس حویلی کو دیکھ رہا تھا

.جہاں اس کا بچپن گزرا تھا

....جو اس کا اصل تھا

..کومل نے اس کا اشارہ پاتے ہی سوہم کو اندر جانے کا اشارہ کیا

..وہ چلے گئے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

تو بی جان اسی لیے نہیں چاہتی تھیں کہ ہم آج حویلی رکیں ...اونہہ ...پرواہ کسے ہے ..لگتا ہے دوسری شادی کر لی.

اس نے سر جھٹکا اور حویلی کی پچھلی جانب سے اپنے کمرے میں گئی ..اب بی جان کو تیار ہو کر نہیں دکھا سکتی تھی.

..اسی لئے اپنا سارا ساماں سمیٹا ..شاور لے کر فریش ہوئی

..سامان لے کر افضل کاکا کے ساتھ کالج چلی گئی

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..وہ دستک دے کر بی جان اور بڑی ماں کے مشترکہ کمرے میں داخل ہوا تھا

بڑی ماں نے تو لپک کر اسے سینے میں بھینچا ...بوڑھی آنکھوں کا سالوں کا انتظار آج

..بہے جا رہا تھا

..سوہم نے لب بھینچے ہوئے تھے ..مگر بڑی ماں کو سینے سے لپٹایا ہوا تھا

بی جان کے بھی دل میں کیا کیا طوفان نہیں اٹھ رہے تھے ..اس جواں سالہ بھر

.پور جوبیس سال کے مرد میں اپنا جوان بیٹا دکھائی دے رہا تھا

دل تھا کے اسے سینے میں بھینچنے کو مچلا مگر وہ بھی اپنے نام کو بیگم زیب النساء

.تھیں ..پتھر سی بنی بیٹھی رہیں

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

پہلے تو ایک شکایتی نظر سوہم نے بی جان پر ڈالی مگر انھیں پتھر بنا دیکھ کر وہ بھی پتھر کا ہو گیا...

اور جن قدموں سے چل کر وہاں آیا تھا ..انھیں قدموں سے تن فن کرتا واپس لوٹ گیا..

حویلی میں موجود اپنے مخصوص کمرے میں آکر دھاڑ سے دروازہ بند کیا..

سب کچھ ویسے کا ویسا تھا ..ساری چیزیں اپنی جگہ پر موجود تھیں مگر بی جان کی بے حسی ہنوز برقرار تھی..

pdfnovelsbank.blogspot.com

پیچھے بی جان پھوٹ پھوٹ کر رو دی تھیں ..اور بڑی ماں کومل سے سوال جواب کرنے لگی.

میں سوہم کی دوست ہوں ..آنٹی ...اس نے مسکرا کر کہا ..مگر اس پھیکے شلجم کو دیکھ کر بڑی ماں کچھ خاص خوش نہیں تھیں.

...تمھارا کمرہ سیٹ کر دیا ہے آؤ میں چھوڑ کر آؤں

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

Pdf Novel Bank

..شام کے سائے بہت گہرے تھے

...بی جان بے چینی سے پہلو بدل رہی تھیں

....سوہم اب تک کمرے سے باہر نہیں آیا تھا

..بڑی ماں بھی انتظار کر رہی تھی

آخر وہ دونوں لاؤنج میں داخل ہوئے..سوہم آہستگی سے جا کر دا جی کی مخصوص
..قدرے کونے پر ملگجے سے اندھیرے میں رکھی کرسی پر جا کر بیٹھ گیا

..بی جان نے پہلو بدلا

..جی تو کہیے بی جان کیوں بلایا مجھے؟ سوہم ان کے منہ سے سننا چاہتا تھا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.تم جانتے ہو سوہم خان ..بی جان بجی لاپروائی سے بولیں

آپ کے ہی حکم کی تکمیل کے لئے آیا ہوں ..وہ طنزیہ بولا

..کاش میرے دوسرے احکام کی طرح تم نے یہ حکم بھی نا مانا ہوتا سوہم خان

..کچھ تو اپنی غیرت اور ملکیت کا رعب جمایا ہوتا ...بی جان دل میں تلملائیں

..ابھی وہ کچھ اور کہتا کہ ایک خوشبوؤں کا ریلا لاؤنج میں داخل ہوا تھا

.اس کی نظر داخلی دروازے کی جانب اٹھی تھی اور پلٹنا بھولی تھی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ملٹی کلر کے لہنگے میں دوپٹہ سیٹ کیے ..گھنے ہلکے گھنگھرالے بال کمر سے نیچے تک جھولتے ..بالوں میں ایک سائیڈ جھومر لگائے ہلکے میک اپ میں وہ بڑی سی ٹرافی ..ہاتھ میں پکڑے اکسائٹڈ سی لاؤنج میں داخل ہوئی تھی

یاہو ...بی جان دیکھیں تو زرا ..ہمیں کیا ملا ..وہ صوفے کے پیچھے سے بی جان کے گلے میں جھول گئی

ارے لڑکی پاگل ہو گئی ہو کیا ..بی جان نے شاید پہلی مرتبہ اسے جھڑکا ..مگر پرواہ ..کسے تھی ..وہ جلدی سے سامنے آئی

...بی جان ہمیں منسٹر نے بقلم خود دی یہ ..ہماری اتنی محنت پر

.ٹرافی ٹیبل پر رکھی ..اور کمر پہ ہاتھ رکھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اب تو آپ کو شکایت نہیں کہ ہم آپ کی پوتی نہیں لگتے ..دیکھیں بلکل انار کلی لگ رہے ہیں ..وہ دائیں بائیں سے بی جان کو خود کو دکھاتی لہرائی.

بی جان کا دل کیا ماتھا پیٹ لیں یا اپنا یا اس بے وقوف لڑکی کا.

سوہم بغور اسے دیکھ رہا تھا .پیچھے کھڑی کومل بھی تحیر سے دیکھ رہی تھی.

وہ بلکل آسمان سے اتری پری لگ رہی تھی.اوپر سے شاہانہ انداز اور ادائیں کومل نے چور نظروں سے سوہم کو دیکھا جس نے اب تک پلکیں بھی نہیں جھپکائی تھیں.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

بی جان آپ نے ہمیں کہا تھا کہ آج ہم حویلی نا آئیں مگر یہ ٹرافی دکھانے کے لیے ہم اتنے آکسائٹڈ ہو گئے تھے اس لیے چلے آئے..

اس کی اس بات سے سوہم کو آگ لگی ..اور ایک جھٹکے سے اٹھا.

اب آہٹ پا کر روحا نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو دل کیا ڈوب مرے...

بوکھلا کر فوراً رخ پھیرا..

سوہم ایک گہری نظر اس پر ڈال کر ایک جھٹکے سے وہاں سے نکلتا چلا گیا..

بی جان نے کڑے تیوروں سے اس کی جانب دیکھا.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..وہ فوراً ٹرافی اٹھاتی اپنے کمرے میں بھاگ گئی

..بی جان نے گہری سانس بھری ..وہ تو سائن کرنے والا تھا

مگر اٹھ کر گیا کیوں؟

..وہ شدید غصے میں کنپٹیاں سہلاتا ..ادھر ادھر چکر لگا رہا تھا

.کومل صوفے پر بیٹھی. جھلا رہی تھی کہ آخر وہ سائن کر کے کیوں نہیں اٹھا تھا

..کیا ہوا

دیکھا تم نے کومل ..بی جان نے اسے منع کیا کہ میرے سامنے نا آئے..میں کھا

...جاؤں گا اسے ..جیسے میں جلاد ہوں

pdfnovelsbank.blogspot.com

وہ تو تم ہو سوہم خان .. بھول گئے یہاں آکر کیا .. بڑے فخر سے کہلانا پسند کرتے ہو یہ خطاب خود کو ...اور سائن کیوں نہیں کیے..

شٹ اپ یو .........اپنی مرضی کا مالک ہوں ...کسی کا پابند نہیں .. جب مرضی ہوگی تو کروں گا ..ناؤ گیٹ لاسٹ ...مجھے سکون چاہیے کچھ دیر کے لئے ..وہ دھاڑا تو کومل چپ چاپ وہاں سے چلی آئی..

سوہم بیڈ پر اوندھے منہ گرا...ایک جنگ سی تھی جو دل دماغ کے اندر چھڑ چکی تھی ..

Pdf Novel Bank

ادھر روحا کو جب بی جان نے بتایا کہ سوہم اسے ڈائیورس دینے آیا ہے تو وہ بے یقینی سے انھیں دیکھے گئ...

ان کہ جانے کے بعد پھوٹ پھوٹ کر روئی تھی.

اونہہ تو ہم کونسا مری جا رہی ہیں ان کے لیے...

کسی کی کیا ضرورت ہے ..یہ پر کٹی کبوتری لئے گھوم جو رہے ہیں ساتھ...

ویسے بھی ہمیں نفرت ہے آپ سے سوہم خان..

آپ کو چاہ نہیں ....تو ہمیں بھی پرواہ نہیں

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

..اگلے تین دن وہ جس کام سے آیا تھا اس میں بزی رہا

..اور بی جان سے چھپتا پھرتا رہا

.ایسا کیوں کر رہا تھا ..خود نہیں جانتا تھا

..بی جان نے بھی اس سے بات کرنے کی کوشش نہیں کی تھی

مگر جب حویلی میں ایک لڑکے کو دو تین بار دیکھا تو اس کا دل کیا پوری دنیا کو آگ لگا دے.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ابھی بھی کنسائمنٹ اپنے اصل ٹھکانے پر پہنچا کر وہ حویلی لوٹا تھا ..اپنے کمرے میں آیا ..اور صوفے پر بیٹھا.

سوہم آوازیں سن کر کھڑکی تک آیا تھا.

..سامنے وسیع لان میں جھولے کے اوپر وہ دونوں بیٹھے تھے

..دونوں کے ہاتھ میں شاید بھانپ اڑاتی کافی کے مگ تھے .ہر سو دھند تھی

وہ لڑکا روحا سے عمر میں چھوٹا تھا مگر اس کا قد اتنا تھا کہ روحا اس کے کندھے تک آ رہی تھی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ بڑی توجہ اور انہماک سے اس کی باتیں سن رہی تھیں ..اس کی باتوں پہ کھلکھلا کر ہنس رہی تھی.

پھر کسی بات پر ان دونوں نے ہاتھ پر ہاتھ مار کر ہائی فائی کیا تھا.

بس..........

سوہم اتنا ہی دیکھ پایا...

سینے میں سانس الجھتی محسوس ہوئی.

رگوں میں خون نہیں جیسے دہکتا سلگتا لاوا بہنے لگا.

شدید دم گھٹا...سفید رنگ میں ضبط کی شدت سے سرخیاں گھل گئیں.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اسے لگا کسی نے پٹرول ڈال کر آگ لگا دی ہو اسے ..جلدی سے اپنی شرٹ اتار کر واش روم میں گھسا ..اور اتنی شدید ٹھنڈ میں شاور کھول کر اس کے نیچے کھڑا ہو گیا.

کیا کرنے آیا تھا ...کیا کر رہا تھا.

ریشماں کے الفاظ کانوں میں گونجے .ایک مرتبہ دیکھ لو کیا پتہ ارادہ بدل جائے.

نہیں بدلے گا..

پھر ریشماں کی معنی خیز آواز کانوں میں گونجی.جس کی اسے اب سمجھ آئی

جس کو پنجاب سے لگاؤ ہے

اس کے سینے میں کوئی گھاؤ ہے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اس لئے بنایا executioner بڑے دعوے سے کہا تھا ریشماں کو کہ خود کو ہے تاکہ کوئی تکلیف نا ہو.

اور تکلیف تو معمولی سا لفظ تھا.....اب کیسے تڑپ رہا تھا ..ایسے جسم و جاں جل رہے تھے جیسے آگ کی بھٹی میں جھونک دیا گیا ہو..

کیا وہ نہیں جانتی کہ میری امانت ہے ...دل میں سویاں چبھیں ...صرف سوہم خان کی ملکیت ہے وہ ...اس پر صرف میرا حق ہے ..کیا اتنی انجان ہے..

شاور کے نیچے کھڑا وہ اب بھی دل و جاں سے جل رہا تھا..

اسے اندازہ ہے کہ وہ مجھے کس قدر اذیت دے رہی ہے..؟

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.جب برداشت حد سے گزر گئی تو وہ چینج کر کے باہر نکلا

...اور ان کی جانب بڑھا

خونخوار نظروں سے روحا کو دیکھا ..روحا کی روح فنا ہوئی .. بڑا واضح پیغام تھا سوہم خان کی آنکھوں میں ..وہ فورا اندر بھاگ گئی.

ہائے...علی نے ہاتھ آگے بڑھایا ..مگر سوہم خان کی نظر تو اس کی شہہ رگ پر تھی ..جسے اڑانے کا بڑی شدت سے دل کیا اس کا.

..وہ کچھ کہے بغیر باہر کی جانب بڑھا

....علی نے کندھے اچکائے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

..اگلے دن وہ بے فضول باہر سڑکیں ناپ رہا تھا

..جب قادر کی کال آئی

قادر اور اس کے کچھ خاص آدمی بھی ساتھ آئے تھے ان کے...مگر وہ اپنے اڈے پر تھے.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

executioner اس نے کال رسیو کی مگر اس کی اگلی بات پر سوہم واپس

.بن چکا تھا ...رگیں تنی تھیں یوں جیسے پھٹ پڑیں گی ..جب قادر نے جھجھکتے بتایا

سر .....وہ میم ........گرینڈ سٹی ریسٹورنٹ کے بک کیۓ گۓ ایک پرائیویٹ کیبن

...میں اس لڑکے کے ساتھ ہیں

..تم کہاں ہو

..ادھر ہی ہوں

...پھر وہیں رکو ..میں آ رہا ہوں

....سر میں خود لے آتا ہوں میم

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..نو ......وہ دھاڑا ..اور آندھی طوفان بنا ..ریسٹورنٹ پہنچا .

..قادر نے ڈرتے ایک جانب اشارہ کیا

..وہ آگ بنا مڑا ..اور کیبن کی طرف گیا

سامنے دیکھا تو وہ دونوں ایک ہی صوفے پر بیٹھے تھے ..وہ روحا کے ہاتھ میں کچھ پہنا رہا تھا..

..شاید بریسلٹ تھی

.وہ دھاڑ سے اندر داخل ہوا ..روحا اچھلی

.مگر وہ سیکنڈوں میں ٹیبل پر پڑا واس اٹھا کر علی کے سر پر پھوڑ چکا تھا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

علی ...روحا چیخی ..اور لہو لہان اس پر تڑپ کر جھکنے لگی ..جس سے سوہم کو اور آگ لگی.

..علی کے سینے پر ایک زور دار لات رسید ہوئی تھی

یہ کیا کر رہے ہیں آپ ..چھوڑیں اسے ..وہ دھاڑی ...اور اس کی ڈھال بننے کی ..کوشش کی

..مگر سوہم اسے بازو سے دبوچ چکا تھا

..پھر وہ ریسٹورنٹ سے اسے گھسیٹ کر لایا تھا اور گاڑی میں پھینکا

..خود اس کے پاس بیٹھا

.قادر نے گاڑی چلائی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..حویلی چلو ...وہ غرایا

..حویلی پہنچ کر وہ پھر اس کی جانب جھپٹا تھا ..اور بازو سے گھسیٹ کر اندر لایا

..چھوڑیں ہمیں ...آپ پاگل ہو گئے ہیں

..بلکل تم نے کر دیا ہے پاگل مجھے مسز سوہم خان

...وہ لاؤنج میں داخل ہوا

..جب بی جان نے روحا کی ابتر حالت دیکھ کر آگے بڑھ کر سوہم خان کو تھپڑ مارا تھا

.تمھاری ہمت کیسے ہوئی سوہم خان میری پوتی کو ہاتھ لگانے کی ...چھوڑو اسے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ہمت آپ نے دیکھی کہاں بی جان ...آپ کا ہی پوتا ہوں....اور ہاتھ اس لئے لگایا کہ یہ بیوی ہے میری ...کان کھول کر سن لیں سب ...یہ میری ہے ...صرف اور صرف سوہم خان کی ..اگر کسی کو یہ غلط فہمی ہے کہ میں اسے چھوڑ دوں گا ..جسے میرے باپ نے میرا بنایا ...تو وہ بہت بڑی غلط فہمی ہو سکتی ہے ..میں ایسا کچھ نہیں کرنے والا ..بلکہ تیاری کریں اسے میرے ساتھ رخصت کرنے کی ...ساتھ لے کر جانے والا ہوں میں....

..وہ کہتا اسے گھسیٹتا پورے حق سے اپنے کمرے کی جانب لے کر گیا تھا

بی جان چھڑائیں ہمیں ان سے ...ہمیں کہیں نہیں جانا ..وہ مچلتی رہی ...مگر سوہم خان تو آج اپنا ہر حق پورا کرنے پر تلا بیٹھا تھا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

بی جان نے سرد اور لمبی سی سانس بھری ..کومل اور بڑی ماں ہکا بکا اسے دیکھتء رہ گئیں.

بی جان نے بڑی ماں کو اشارہ کیا وہ دونوں اپنے کمرے میں چلی گئیں..

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

..کدھر ....کہاں منہ اٹھائے چلی آ رہی ہو ...رجا کو غصہ آیا

...وہ ممم .مجھے کبیر سے ملنا ہے

....کیوں ....کیوں ملنا ہے کبیر سے

وہ میں انھیں کو بتاؤں گی ...پلیز ایک مرتبہ بلوا دیں ..وہ بے بسی سے بولی کچھ تو
..تھا اس کے لہجے میں جو رجا نے نادر کو اشارہ کیا

...نادر نے اوپر جا کر کبیر کا دروازہ کھٹکھٹایا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.. ان لوگوں نے واپس جانے کی تیاری مکمل کر لی تھی

..اور نکلنے ہی والے تھے.کیونکہ پاشا بھی آ چکا تھا

..دروازے تک آیا ..مگر نادر کی اگلی بات سن کر میٹر شارٹ ہوا

...چلو میں آتا ہوں

...اپنا والٹ موبائل اور گاڑی کی چابی اٹھائی

.اور تن فن کرتا نیچے اترا

سامنے ہی وہ ٹوٹی بکھری حالت میں صوفے پر سر جھکائے بیٹھی تھی ...کبیر کو اس کی یہ حالت دیکھ کر اور آگ لگی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ تو پہلے ہی اس آسیب سے جو اس کی جان کو چمٹا جا رہا تھا ..واپس بھاگنے کے چکروں میں تھا.

..وہ پھر چلی آئی تھی اس کا سکون برباد کرنے

..اسے دیکھ کر زمل کھڑی ہوئی

مگر

کیا بات ہے ٹیچر صاحبہ ...کوئی پارک یا شاپنگ مال سمجھ رکھا ہے اس گھر کو جو جب جی چاہے منہ اٹھائے چلی آتی ہو...

.آج اس کا جھکے کندھے کبیر کو تکلیف دے رہے تھے اسی لئے غصے سے پھنکارا

pdfnovelsbank.blogspot.com

.وہ مم ...میں ...اب آ تو گئی تھی مگر آنسوؤں کا پھندا سا تھا جو گلے میں اٹک گیا تھا

.کبیر نے وہاں سے سب کو جانے کا اشارہ کیا ..رجا کو بھی

..اب بولو وقت نہیں میرے پاس ...ہمیں واپس جانا ہے ..کبیر نے اسے جھڑکا

وہ سیفی کو کک ...کچھ لوگ لے گئے ..مم ..میں نے بہت ڈھونڈا ..مم ...مگر

..نہیں ملا ...کیا آپ میری مدد

Pdf Novel Bank

نہیں ...میں کچھ نہیں کر سکتا ...جا رہا ہوں ...ویسے بھی یہاں میں نے فلاحی ادارہ نہیں کھول رکھا ..جو دوسروں کی مدد کرنے کے لیے بیٹھا رہوں ..وہ بے رحم بنا..اور اس کی جانب سے رخ موڑا جیسے کہہ رہا ہو.

.......بول دیا ..اب جا سکتی ہو

وہ آخری امید ٹوٹتی دیکھ زمل بھی ٹوٹی تھی ..بکھری تھی ..اب تو اپنا بھی بوجھ اٹھانے کی سکت نا رہی تھی جیسے ..اسی لئے فرش پر بیٹھتی چلی گئی.

..زمل اس کے قدموں کے قریب فرش پر دوزانوں بیٹھی ہاتھ باندھے لبوں پر رکھے پھوٹ پھوٹ کر رو دی تھی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

میری مدد کرو ...پلیز ہیلپ می...اس کے آنسو اس کے قدموں کے قریب گر رہے تھے..

وہ جو دعوا کر کے گئی تھی کہ اب کبھی اس کی شکل نہیں دیکھے گی اب اسی کے قدموں میں بیٹھی تھی..

وہ پیٹھ موڑے کھڑا اپنا ضبط آزما رہا تھا.

کبیر کو لگا وہ آنسو نہیں .....اس کے دل کا خون نچڑ کر فرش پر گر رہا ہے.

بے بسی سے لب کچلے ..اقرار کر نہیں رہا تھا .اور دل انکار کرنے کی نیت پر ہی پھٹنے کو تھا..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مم ..میرے پاس یہ میری مما کی چین ہے.یہ تم لے لو .. مم ...میں .اور بھی پیسے دوں گی پر میری مدد کرو ...اس نے سسکتے بند مٹھی کبیر کی جانب بڑھائی.

اور پتھر دل ہونے کے باوجود اب یوں لگ رہا تھا کہ axecutioner کبیر اسکا دل شدت غم سے پھٹ جائے گا .اس لڑکی کے آنسو اور دکھ اسے اپنی رگوں میں دوڑتا محسوس ہوا..

..دل کیا پیچھے مڑے جھک جائے ..سر تسلیم خم کر لے .اسے سینے میں بھینچ لے اس کے آنسو اپنے لبوں سے چن لے ..اس کا ہر غم مصیبت پریشانی اپنے سر لے لے...

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کبیر نے بے بسی سے اس چھوٹی سی لڑکی کو دیکھا. پھر بے حد جھجھکتے اس کی جانب ہاتھ بڑھائے

...اور جھک کر اسے بازوؤں سے تھاما .

اٹھو ..اس نے بازوؤں سے کھڑا کر کے اسے جھنجھوڑا ..کبیر کو تو زمل کا اس دن والا روپ اچھا لگا تھا .جب وہ اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے پھنکاری تھی.

لیکن آج وہ اپنے ساتھ ساتھ کبیر کو بھی توڑنے پر تلی ہوئی تھی ..جس سے کبیر سخت جھنجھلایا.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

بند کرو یہ میلو ڈرامہ ...کروں گا ہیلپ ...چپ بلکل چپ..وہ دھاڑا ..اب اگر ایک بھی آنسو گرا تو واپس چلا جاؤں گا ..پھر ڈھونڈ لینا خود ہی ..

.کبیر کی انگلیاں اس کے بازوں میں بے دردی سے گڑھی ہوئی تھی

...کبیر نے اسے چھو لیا تھا

اور اس پل اسے لگا جیسے اسے چھونے سے وہ خون بن کر اس کی رگ رگ میں دوڑ گئی ہے دھڑکنوں میں سما گئی ہے.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اب کبیر اس سامنے کھڑی بلا سے کبھی دور نہیں جا پائے گا ..اس جادوگرنی کے جادو سے چھٹکارا ممکن ہی نہیں..جس نے اتنے دنوں سے اس کے دل و دماغ پر بری طرح اپنا قبضہ کر لیا تھا.

محبت الہام بن کر کبیر پر اتری تھی ..اس نے دل میں سر تسلیم خم کیا کہ اسے سامنے کھڑی لڑکی سے عشق ہے..

محبت سرور بن کر دل و دماغ پہ چھائی.

تو اسے اپنا بنانے کی قسم کھائی.

فیصلہ منٹوں سیکنڈوں میں کیا تھا.....

جس کے بغیر اب ایک پل بھی گزارہ نا ممکن تھا ......اسے بس اپنا بنانا تھا...

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

سادہ سے بلیک سوٹ کے اوپر بڑی سی میرون شال میں لپٹی وہ اس کی جان کا آزار بن گئی تھی ..کبیر کی آنکھیں بے چینی سے اتنے دنوں کی دیدار کی پیاس بجھا رہی تھی.

دل کیا اسے سینے میں بھینچ لے.

مگر ابھی اسے کوئی حق نہیں تھا اس کے قریب جانے کا.

وہ اب بھی کھڑی سوں سوں کر رہی تھی ..مگر اب چہرے پر سکون تھا.

وہ چونکی ..کیونکہ اب بازوؤں میں تکلیف ہونے لگی تھی ..مقابل کی گرفت میں بہت شدت تھی..وہ کسمسائی.

تو کبیر نے نرمی سے اسے چھوڑ دیا.اور .فون ملایا..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..ہاں نادر سیف کے بارے میں کوئی خاص انفارمیشن

یس سر . .اس کو اس دن بادشاہ کے آدمیوں نے دیکھ لیا تھا ..اسی لئے

..اٹھایا .......ہم تک پہنچنے کے لئے

..تو ٹھیک ہے ٹھکانے کا پتہ لگاؤ اسے جلد بازیاب کرانا ہے

..زمل کے دل کی دھڑکن بے ترتیب ہوئی

.کبیر نے فون بند کیا تو زمل نے بے چینی سے سوالیہ نگاہوں سے اسے دیکھا

مل جائے گا ...کبیر نے مختصر سا کہا..زمل کو تسلی ہوئی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ہے کہاں وہ؟

جہاں بھی ہوا ..میں تمھارے پاس اسے ڈھونڈ لاؤں گا..مگر اس سے مجھے کیا ملے گا..

زمل شرمندہ ہوئی اس کے پاس پیسے نہیں تھے ...یہ ...یہ چین اور میں اور بھی پپ ...پیسے

نہیں چاہیں..کبیر اتنی معمولی چیزوں کے لئے کچھ نہیں کرتا....کبیر نے بغور اسے دیکھا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.تنت ..تو پھر ...وہ شدید نروس ہوئی

اپنے بھائی کے لیے ....اس دن کی طرح اپنی جان داؤ پہ لگاؤ ...نکاح کر لو مجھ سے .ابھی اور اسی وقت .تو سوچ سکتا ہوں ..وہ اطمینان سے بولتا اس کے سر پر ..بم پھوڑ چکا تھا

زمل نے پھٹی پھٹی آنکھوں سے اس بے حس اور خود غرض شخص کو دیکھا ..جو زمل کے مطابق اپنی نفسانی خواہشات پوری کرنے لیے اس کی مجبوری کا فائدہ اٹھا رہا تھا.....

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مگر فی الحال وہ سیفی کو ڈھونڈنے کے لئے ہر حد پار کرنے کو تیار تھی .جاں سے گزرنے کے لئے تیار تھی ..اپنی جان سولی پر لٹکانے کو بھی تیار تھی.اسی لئے

مجھے منظور ہے ....بے بسی سے کہتی وہ سامنے والے کو دنیا کی سن سے بڑی خوشی دے چکی تھی..

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

.اس نے ساری بات سامنے کھڑے پاشا کا بتائی تھی

.بھائی میں اس سے نکاح کرنا چاہتا ہوں

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

سمجھو ہو گیا ...پاشا نے اطمینان سے کہا ..کبیر کو لگا جو انھوں نے اپنے لئے اصول بنائے تھے پاشا سے ڈانٹ پڑے گی مگر.

بھائی ..وہ اس سے لپٹ گیا..

پانچ منٹ میں اسے لاؤنج میں لے کر آ جانا ..میں انتظام کرتا ہوں ...پھر واپسی کے لیے نکلنا ہے..

ان تینوں کو بھی وہیں لے جانا ...اور میں نے جو تمھارے لیے گھر خریدا تھا اس میں رہ لینا..

مگر سیف

pdfnovelsbank.blogspot.com

مل جائے گا.. بھروسہ رکھو..پاشا اطمینان سے بولا.

اور پھر ٹھیک پانچ منٹ بعد ہی وہ لاؤنج میں بیٹھی اپنی زندگی کا ایک اہم ترین بندھن ایک غلط ترین بندے کے ساتھ باندھ چکی تھی..

وہ بے بسی کے احساس سے پھوٹ پھوٹ کر رو دی...

ہر طرف مبارک باد کو شور اٹھا.

نادر اور اس کے بندوں نے فائرنگ کی.

ہلکی داڑھی اور تنی مونچھوں کے نیچے کبیر کے عنابی لبوں پر دلفریب سی مسکراہٹ تھی..

Pdf Novel Bank

رجا اور ریما بھی اس کے پاس بیٹھی تھیں اور زبردستی مٹھائی اس کے منہ میں ٹھونس رہیں تھیں.

پاس بیٹھی زمل  عجیب نظروں سے یہ سب دیکھ رہی تھی اور اپنی قسمت سے شکوہ کناں تھی.

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

رحاب کمرے میں بیٹھی تھی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..باہر سے شور شرابے کی آوازیں آ رہی تھیں

..مگر وہ پاشا کی اجازت کے بغیر کمرے سے نہیں نکل سکتی تھی

اسے کہا گیا تھا کہ کچھ ہی دیر میں انھیں کراچی کے لئے نکلنا ہے ..اور وہ تیار بیٹھی تھی.

...وہ مسلسل اور بلکل بے اختیار پاشا کے بارے میں سوچ رہی تھی

انھوں نے ایسا کیوں کیا؟

کیوں دلائی مجھے آزادی.؟

میری آزادی کی بھاری قیمت کیوں ادا کی؟

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کیوں اتنا سب کچھ کیا میرے لئے...اور ان سب سوالوں کا دل جو جواب دے رہا تھا وہ کب سے اپنے منہ زور بدتمیز دل کو چپ کروا کر ڈپٹ رہی تھی

.مگر اس کی ایک ہی گردان تھی کہ

کیا وہ مجھ سے محبت .....شرمیلی سی مسکان خود سے ہی چھپانے کو اپنا چہرہ

.ہاتھوں میں چھپایا

..اور ہوٹل میں بھی تو میری چوٹ دیکھ کر کیسے تڑپ گئے تھے

اففففففف

وہ سوچ کر ہی شرم سے دوہری ہو رہی تھی

...چہرہ لال ٹماٹر ہو گیا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

...اور میں ....اس نے اپنے دل کو ٹٹولا

.اس نے دل کو آزمانے کو زیرِ لب عقیدت سے نام دہرایا....اور صرف لب ہلا پائی

پاشا .....دل نے بیٹ مس کی ..وہ خود سے ہی بوکھلائی ..دل ایک سو بیس کی
.رفتار پکڑ چکا تھا

...دل کے بلکل کورے کاغذ پر پہلا نام تحریر ہو چکا تھا

..خود سے ہی بے تحاشا گھبرا کر بیڈ میں کمفرٹر میں گھس گئی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ریشماں سے پوچھ چکی تھی کہ کیا گھر کال کر سکتی ہے بس ماں کی خیریت معلوم کرنی ہے.....

ریشماں نے اجازت دے دی تھی ...اب اسے اس کھڑوس کی اجازت کی ضرورت نہیں تھی.

کپکپاتے ہاتھوں سے نمبر ملایا.

ماں کا تو زبانی یاد تھا..

رسیو ہوا ..کمزور سی آواز میں بولا گیا ...ہیلو کون...

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مما ...میں فانیہ بات کر رہی ہوں .... کیسی ہیں آپ؟ بھیگا لہجہ ماں کو ہلا گیا

..بچی میری بچی ... نسیمہ تڑپی ..مجھے معاف کر دو میں نایاب کی باتوں میں آ گئی

....بغیر تصدیق کیے ..یہ جانتے ہوئے بھی کہ میری بیٹی ایسی نہیں ہے

...اور جانتی ہو اس نے میرے ساتھ کیا کیا

..پھر جو اس کی ماں نے بتایا اس کے پیروں کے نیچے سے زمین کھسکنے کو کافی تھا

فانیہ واپس لوٹ آؤ ..میرا تمھارے علاوہ اس دنیا میں کوئی نہیں رہا ..نسیمہ رو رہی تھی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مما میں کراچی میں ہوں مگر محفوظ ہوں ..مگر آپ فکر مت کریں میں ابھی کہ ابھی آپ کے پاس آنے کے لئے نکلتی ہوں...

فون رکھا..

اس واقعے کے بعد بھی راسم سے چند دفعہ ڈانٹ پھٹکار کھا چکی تھی.

یقین پختہ ہو گیا کہ واقعی وہ زبردستی اس کے سر پر مسلط ہے

پلیننگ تو پہلے ہی کر چکی تھی.

اب ماں کی بات سن کر بس عمل کرنا تھی.

پنکی اور اس کی چیلیاں .جا رہی تھیں اسلام آباد ..اسے انھیں کی گاڑی کی ڈگی میں چھپنا تھا..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..ریشماں سے کہا لان میں جا رہی ہے

لان میں آئی سب سے چھپ چھپا کر بظاہر پنکی نے جو بڑی گاڑی تیار کروا رکھی تھی.

.اس کی ڈگی میں چھپ گئی

.چند لمحوں کا ہی انتظار کرنا پڑا ...گاڑی گیٹ سے نکلتی محسوس ہوئی

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اسے بولا تھا کہ مجھ سے دور رہو مگر ہر رات اس کے سرہانے گھنٹوں بیٹھ کر اسے دیکھتا اور اس کے بالوں میں انگلیاں پھیر کر اسے محسوس کرتا تھا.

راسم دروازہ کھول کر اندر داخل ہوا...

سینے میں سانس اٹکی...خالی بیڈ دیکھ کر.

واش روم میں بھی نہیں تھی.

پاگلوں کی طرح پورا وائٹ پیلس کنگھال لیا...

مگر کہیں ہوتی تو دکھتی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

روح فنا ہوئی ....یہ سوچ ہی جان لیوا تھی کہ وہ اس روم میں موجود نہیں .وائٹ پیلس میں موجود نہیں...

..اور پھر جو ریشماں نے بتایا وائٹ پیلس کی چھت اس کے سر پر گری تھی

..ریشماں پہلے ہی اس کی غیر موجودگی نوٹ کرتے ہوئے پور پیلس کنگھال چکی تھی

..لال انگارہ آنکھیں اور لہو ٹپکاتا چہرہ ..دل کیا دنیا تہس نہس کر دے

فانیہ ...یہ کیا کیا تم نے...فکر مت کرو چاہے زمیں کھودنی پڑے یا آسمان کنگھالنا پڑے ..ڈھونڈ ہی لوں گا تمھیں .اب اگر مل گئی تو میرے ہاتھ ہی مرو گی...

.وہ ماہی بے آب کی طرح تڑپا

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..وہ بی جان کے کمرے میں ہلکی سی نوک کے بعد داخل ہوا تھا

..سامنے ہی وہ تسبیح لئے بیٹھی تھیں

.بی جان تیاری مکمل ہے میں جا رہا ہوں روح کو لے کر ..جلد واپس آؤں گا

...وہ تمھارے ساتھ نہیں جانا چاہتی سوہم خان

اسے آپ نے نہیں سمجھایاکہ ایک بیوی ہونے کی حیثیت سے وہ اپنی زمہ داریاں

.نبھائے ..اور جو اس کا شوہر اسے بولے وہ کرے ...سوہم کو تپ چڑھی

pdfnovelsbank.blogspot.com

سمجھایا ہے ..مگر ابھی وہ رخصتی نہیں چاہتی ..تو کیا زبردستی کرو گے اس کے ساتھ..

یہ زبردستی نہیں حق ہے میرا ..جو میں وصول کرنا اچھے سے جانتا ہوں ..اسے ہر حال میں جانا ہوگا میرے ساتھ..

بی جان نے سر اٹھا کر اپنے ضدی اور ہٹ دھرم پوتے کو ملاحظہ کیا ..جو من مانیاں کرنے پر بلکل اپنے باپ پر گیا تھا..

کوشش کر لو پھر ...بی جان کی اجازت دینے پر اس نے ہنسی دبانے کے لیے لب دانتوں تلے دبائے..

Pdf Novel Bank

..وہ وہاں سے نکل کر سیدھا روحا کے کمرے میں آیا

وہ کھڑکی میں کھڑی باہر جانے کیا دیکھ رہی تھی..سوہم کے کہنے کے باوجود اس نے ابھی تک پیکنگ نہیں کی تھی..

..روح چلو ...گاڑی تیار ہے ہنی ...لاپرواہ اور مصروف سا انداز تھا

..روحا اچھلی ..مگر ہم نے آپ سے کہا تھا کہ ہم کہیں نہیں جائیں گے

..اور میں نے بھی کہا تھا کہ میرا زبردستی کرنے کا بلکل بھی موڈ نہیں ہے ..سویٹ

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.پنک سوٹ میں پنک دوپٹہ لیے وہ اس کا دل شدت سے دھڑکا گئی

بازو سے پکڑ کر رخ اپنی جانب کیا ..کیوں نہیں جانا چاہتی میرے ساتھ ..سوہم نے سنجیدگی مگر نرمی سے پوچھا.

ہمیں ...آ ....آپ سے ڈر لگتا ہے ...وہ سوہم کے اپنے بازو پر نرم سے لمس سے پھر گھبرائی ..مگر اپنی پریشانی بتا ہی دی.

..کیوں ...کیوں ڈر لگتا ہے ..سوہم نے ہنسی ضبط کر کے پوچھا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مگر وہ بول نا پائی کہ اس کے پاگل پن اور جنونیت سے لگتا ہے ...اس دن کی سوہم کی درندگی سے لگتا ہے ڈر..

مگر سوہم اچھی طرح سمجھ چکا تھا..

سوہم نے نرمی سے اس کی کمر کے گرد بازو حمائل کیے ..روحا بوکھلائی..

اگر اس دن کی میری شدتوں سے ڈر لگتا ہے تو وعدہ کرتا ہوں اب ایسے چھوؤں گا تمھیں جیسے گلاب کو چھوتے ہیں اتنی نرمی سے کہ وہ مرجھا نا جائے..

وہ اس کے چہرے کے بہت قریب بوجھل سی آواز میں بولا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ جو غور سے سن رہی تھی .کہ وہ کہے گا کہ اب دور رہوں گا تم سے ..ایسی بات سن کر سٹپٹائی..

نن .. نہیں ..اگر آپ...ہم سے یہ پرامس کرتے ہیں کہ ہم سے دور رہیں گے تو ہم چلیں گے...

سوہم کا ہنسی ضبط کرنے کے چکر میں چہرہ لال سرخ ہو گیا..

ٹھیک ہے پھر تم میرے کمرے میں ڈیکوریشن پیس بن کر رہنا میں روز رات کو یہ جو میری فرینڈ کومل ہے اس کے قریب چلے جایا کروں گا ..ٹھیک ہے.

وہ معصوم تھی ...پاگل نہیں..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

جب کوئی بات کوئی جواب نا سوجھا تو آخر آنسو ہتھیار بنالئے ..آپ بہت برے ہیں ........ہم نہیں جائیں گے آپ کے

سوہم نے اس کی بات پوری نہیں ہونے دی تھی ..بے حد نرمی تھی آج اس کے لمس میں ..اس کے سینے میں سمائی وہ مچلی ...مگر کمر کے گرد لپٹے اس کے ...بازوں سے وہ ہلنے سے بھی قاصر تھی

اس کی نرم گرم قربت میں وہ موم کی طرح پگھل رہی تھی ...جب سوہم نے نرمی ....سے اس کے لبوں کو آزادی بخشی

.ایسے قریب آؤں گا تمھارے.بہت محبت سے ..نرمی سے ..اب تو چلو یار

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..وہ اس کے سینے پر ہاتھ رکھے .اسے پرے دھکیلتی دو قدم پیچھے ہٹی

اب سوہم کے تاثرات فوراً بدلے تھے ..روحا کے اس عمل نے اس کے تن بدن میں آگ لگائی تھی.

کلائی سے کھینچ کر اسے پھر اپنے سینے میں بھینچا ..ایک ہاتھ سختی سے کمر کے گرد حمائل کیا..اور ایک جھٹکا دیا

کچھ بھی کرنا روح ..مگر خود کی جانب بڑھتے ہوئے مجھے کبھی مت روکنا ..ورنہ بہت ..برا پیش آوں گا..اور مجھ سے دور جانے کا تو سوچنا بھی مت..دنیا بھول جاؤ ..روح ..صرف میرے بارے میں سوچو

...اب کی بار گرفت میں پھر بہت سختی تھی.اور لہجے میں بھی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ہم اسی لئے نہیں جانا چاہتے آپ کے ساتھ ..وہ سسکی ..ہمیں بی جان کے پاس جانا ہے..

اب اپنے شوہر کی طرف دھیان دو بس ..تم میرے ....mama's girl او ساتھ جا رہی ہو یا نہیں..

نہیں ہم ..ن.........آہہہہہہہہہ

وہ اس کے بولنے سے پہلے اس کے بازو میں بے ہوشی والا انجیکشن انجیکٹ کر چکا تھا.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

یہ کیا کیا آپ نے ہمارے ساتھ ..وہ غرائی ..مگر اس کا جواب سننے سے پہلے بے ہوش ہو کر اس کے بازوں میں جھول گئی.

...نرمی سے مسکراتے اسے بازوؤں میں بھرا

...بی جان کی پوتی اس طرح تو تم قابو میں نہیں آنے والی تھی

.وہ اسے اٹھائے دھڑلے سے بی جان کے پاس آیا

مل لیں بی جان اور بڑی ماں اپنی پوتی سے ...وہ بظاہر سنجیدہ تھا.مگر آنکھوں میں چمک اور شرارت بہت واضح تھی.

.بی جان کا دل کیا ماتھا پیٹ لیں

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

سوہم خان یہ کیا کر رہے ہو ..وہاں جا کر شور نہیں مچائے گی یہ...یہ تمھارے اسی ...پاگل پن اور جنونیت سے ہی تو ڈرتی ہے .اور اس کی پیکنگ

O come on B jaan.. I will handle all this....

اور میرے پہنچنے سے پہلے اس کی ضرورت کی ہر چیز میرے کمرے میں پہنچا دی جائے گی سو بی ریلیکس.آپ بس رخصتی کی اجازت دیں .وہ اطمینان سے بولا

.بی جان نے اٹھ کر روحا کا ماتھا چوما ..اور سوہم نے زبردستی بی جان کا

وہ پیٹھ موڑ کر مسکرا دیں

..بڑی ماں نے ان کی ڈھیروں بلائیں لیں

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ اطمینان سے چلتا باہر آیا ..اسے گاڑی میں پیچھے بیٹھایا

خود بھی بیٹھا

قادر ڈرائیور کے ساتھ بیٹھا تھا

.گارڈز کی گاڑی پیچھے تھی جس میں کومل تھی

.ریشماں کو فون ملایا..چھوٹتے ہی وہ بولی

...تو آج وائٹ پیلس میں ایک جلاد کی بجائے عاشق کے قدم پڑیں گے ..ہاں

او کم آن ریشماں...میں نے یہ کہنے کے لیے فون کیا تھا کہ

pdfnovelsbank.blogspot.com

ہو گئی ہے تیاری ...فکر مت کرو ..اور وائٹ پیلس کی بہو کی ہر چیز اس کے کمرے میں پہنچا دی جائے گی ... تم بس مجھے ایک پوتا دینے کی تیاری کرو..

سوہم نے ٹھنڈی آہ بھری ...اور اپنے سینے پہ ڈھلکے اس کے چہرے کو بغور دیکھا..

ابھی وہ تو بھول ہی جائیں ریشماں ..یہ آپ کی بہو مجھ سے یوں ڈرتی ہے جیسے میں کوئی جن ہوں..

ارے چپ کر تونے ہی کچھ کیا ہوگا ..نالائق ..ورنہ وہ کیوں ڈرتی تجھ سے.ریشماں بگڑی

Pdf Novel Bank

آکر بات کرتے ہیں ریشماں ...بس ہمارے استقبال کی تیاری کریں..وہ مبہم سا مسکرایا

🌺❤️❤️❤️❤️❤️🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺
🌺

فانیہ جیسے تیسے کر کہ اسلام آباد پہنچی تھی.

پنکی اور اس کی ساتھی گاڑی سے اتری..

اس نے کافی دیر انتظار کیا.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

پھر چپکے سے ڈگی سے اتری

ریشماں نے اچھی خاصی موٹی رقم اس کے نا نا کرنے کے باوجود اسے دے رکھی تھی.

اسی لئے گاڑی سے فل پردے اور نقاب میں اتری اور گجر جانے میں کوئی دقت نا ہوئی

.مگر یاد آیا ماں گھر میں تو موجود ہی نہیں تھی

سوتیلے باپ اور اس کی بیٹی نایاب نے گھر اپنے نام لگوا کر دھکے دے کر گھر سے نکال دیا تھا

.جب وہ بارہ سال کی تھی تو سگا باپ گزر گیا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اور ترکے میں ایک مکان اور چار دکانیں چھوڑ کر گیا

جب چودہ سال کی ہوئی تو زمانے کی گندی نظروں سے تنگ آکر ماں نے دوسری شادی کر لی.

باپ کے ساتھ ساتھ اس کی پہلی بیوی سے ایک بیٹی بھی ساتھ فری میں ملی جو معمولی شکل کی صورت کے ساتھ ساتھ کالے دل کی حامل لڑکی تھی.

شدید حاسد اور مکار.

اس نے چار سال فانیہ کے حسن اور معصومیت سے جلتے ہوئے اس کے ناک میں دم کیے رکھا.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

حتیٰ کہ سگی ماں کو فانیہ کے خلاف بد ظن کر دیا ..اور آخر میں تو حد ہی کر دی ایک لڑکے کو پیسے دے کر رات کو گھر بلایا اور فانیہ کی کھڑکی سے اسے اندر بھیج کر پورے گھر میں شور مچا دیا.

نسیمہ اس قدر بد دل ہوئی کہ تمام رات لڑائی جھگڑے اور فانیہ کو مارنے پیٹنے کے بعد اسے صبح گھر سے نکال دیا یہ بھی نا سوچا کہ جوان اولاد کدھر جائے گی.

نایاب نے نسیمہ کے دماغ کو بلکل بند کر دیا تھا.

فانیہ کے جانے کے بعد نسیمہ کے چال باز اور بد نیت شوہر ندیم نے مکان اپنے نام لگوایا.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اور اسے دھکے دے کر گھر سے نکال دیا

ابھی تو صد شکر کے نسیمہ نے دکانوں کا نہیں بتا رکھا تھا ندیم کو ..اور ہر ماہ دکانوں کا کرایہ اس کے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کر دیا جاتا تھے

جس کی وجہ سے ان مکار باپ بیٹی کے گھر سے نکالے جانے کے بعد اس نے با آسانی کرایہ کے مکان لے لیا تھا.

صد شکر کے اپنا موبائل ساتھ لے آئی.

جس پر فانیہ سے رابطہ ممکن ہوا..

فانیہ نے وہیں سے رکشہ پکڑا اور ماں کے دیئے گئے پتہ پر پہنچ گئی..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

روحا نے مندی مندی آنکھیں کھولیں.

ہ ہیلی کاپٹر سے کراچی اپنے مخصوص ٹھکانے پر پہنچ کر وہاں سے پھر گاڑی میں بیٹھے تھے.

روحا نے پھٹی آنکھوں سے پہلے گاڑی، پھر باہر انجان رستوں کو دیکھا تو صدمے سے پہلے تو کچھ بول ہی نہیں پائی.

سوہم خان ہم کہاں ہیں؟ وہ غرائی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ہماری سلطنت میں قدم رکھ چکے ہیں میری شہزادی

نہیں ... نہیں ... نہیں .ہم کہیں نہیں جائیں گے ..ہمیں بی جان کے پاس جانا ہے ..ہمیں واپس چھوڑ کر آئیں ..وہ بھری بھری چوڑیوں والے بازو سے سوہم کے سینے پر مکے برساتی زور زور سے نفی میں سر ہلاتی شور مچا رہی تھی.

سوہم کو تو ہر روپ میں ہی وہ چاروں شانے چت کر دیتی تھی ..اب بھی کمر میں بازو ڈال کر کسی کی پرواہ کیے بغیر اسے سینے میں بھینچا..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

روحا بوکھلائی ..اس کی اسی بولڈنیس، پاگل پن اور جنونیت سے ہی تو روحا خائف تھی..

.اس نے دور ہونا چاہا

..سوہم چھوڑیں ہمیں ..وہ سخت جھنجھلائی

اب اگر شور مچایا میری جان تو گھر جانے کا بھی انتظار نہیں کروں گا ..یہیں شروع ہو جاؤں گا ..پھر شکایت نا کرنا ..وہ بوجھل سی سرگوشی روحا کی روح فنا کرنے کو کافی تھی.

.اسی لئے عافیت اسی میں جانی کہ بے آواز آنسو بہانے لگی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کیونکہ کمر کو سہلاتے سوہم خان کے ہاتھ نے اس کی سانس گلے میں اٹکا دی تھی.

اس نے کھسک کر دور ہونا چاہا تو سوہم خان نے پھر کڑے تیوروں سے اسے گھورا.

اس نے بے بسی سے لب کاٹے.

اوں ...ہوں ..یہ حق صرف میرا ہے ...یہ کہتے وہ انگوٹھے سے اس کے دانتوں تلے سے لب آزاد کراتا اسے اور ہراساں کر گیا تھا..

گاڑی وائٹ پیلس کی پر شکوہ عمارت میں داخل ہوئی..

گاڑی سے اترے ...چند چودہ چودہ سال کی بظاہر لڑکیوں نے پھولوں سے ان کا استقبال کیا.

وہ اس کا ہاتھ تھامے لاؤنج میں داخل ہوا.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مگر روحا نے سامنے بیٹھے ڈھیر سارے خواجہ سراؤں کو دیکھ کر قدم وہیں دروازے میں ہی جما لئے

روح اندر چلو میری جان.

نن ... نہیں .. ہم کہیں نہیں جائیں گے ..ہ .... ہم .... ہمیں ڈر لگ رہا ہے

.. سوہم ... ہم .. نن ... نہیں جائیں گے ...وہ سہمی سی بولی

کچھ نہیں ہو گا جان ... سوہم نے اسے اندر گھسیٹا ..وہ اس کی پیٹھ سے لگی تھر تھر کانپ رہی تھی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.ایسا نہیں تھا کہ انھیں وہ حقیر سمجھتی تھی

..مگر خدا کی اس تخلیق سے اسے شروع دن سے بے تحاشا خوف محسوس ہوتا تھا

.جانے کیوں

.اسی لئے ریشماں کو دیکھتے ساتھ ہی وہ زمین بوس ہو چکی تھی

..افففف ..یار روح بہت ڈرپوک ہو ..سوہم لپک کر اس کے قریب ...آیا

.اسے باہوں میں بھرا ..ریشماں معنی خیز سی مسکرائی

..سب نے ہوٹنگ کی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

...وہ خفت سے سرخ ہوا

.اور دانتوں تلے لب دبا گیا

...ریشماں نے سوہم کے چہرے پر پہلی مرتبہ انوکھی اور اچھوتی سی خوشی دیکھی

..وہ اسے بازوؤں میں بھرے اپنے کمرے میں آیا ..پاؤں سے ڈور لاک کیا

کمرے کو تازہ پھولوں سے جیسے بھر دیا گیا ..پھولوں کی مسہری گلاب اور موتیے سے سجائی گئی تھی.

لا کر اسے بیڈ پر پھولوں کے اوپر لٹایا .دنیا کی پہلی دلہن تھی .جو سادے سے پنک سوٹ میں پنک دوپٹے میں تھی .سوہم نے نرمی سے دوپٹہ اتار کر سائیڈ پر رکھا..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

سوہم کے ہوش مکمل طور پر اڑ چکے تھے..اس پر حاوی ہوا.

زرا سا جھک کر گال پر ہلکے سے دانتوں سے کاٹا تاکہ وہ اٹھ جائے.

وہ زرا سا کسمسائی ...سوہم کی بیک بون میں سرسراہٹ ہوئی ..اس نے آہستگی سے آنکھیں کھولیں..

سوہم نے اس کی سانسیں اپنے لبوں کی دسترس میں لیں مگر اس مرتبہ لمس میں بہت نرمی اور گرماہٹ تھی.

روحا کے ہوش اڑے ...تڑپ کر مزاحمت کرنی چاہی مگر ہاتھ پہلے ہی اس کی گرفت میں تھے.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

...کافی دیر خود کو سیراب کرتا رہا

جب روحا کی سانس بلکل اٹک گئی ..اور چہرہ سرخ ہوا تو کالر پر ایک جھٹکا لگنے سے

..وہ پیچھے ہٹا

.اس نے لمبی سی سانس بھری اور سانس ہموار کرنے لگی

..وہ دلچسپی سے اسے دیکھے گیا

جب سانس ہموار ہوئی تو اپنی پوزیشن کا ..کمرے کی سجاوٹ اس ماحول کا خود پر جھکے

.اس جنونی کا ہوش آیا

..شدید خوفزدہ ہوئی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

...سوہم ..پپ ..پیچھے ہٹیں

نہیں میری جان ..آج نہیں ہٹ سکتا پیچھے .. قطعی نہیں

.وہ اس کی شہہ رگ پر اپنے لب رکھتا بولا

...آ .......آپ زبردستی کریں گے ہمارے ساتھ

..سوہم کے تمام جزبات بھک سے اڑے تھے ..سر اٹھا کر غصے سے اسے گھورا

روح اس بکواس کا مطلب ...اگر کسی اور کہ قریب جاؤں تو وہ زبردستی ہے ..بیوی ہو تم میری .. حق ہے میرا تم پر ... مکمل اختیار ہے ...اور اب چپ چاپ جو ہو رہا ..ہے اسے ہونے دو ... خود کو میرے سپرد کر دو

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اور اب جیسے جیسے مجھے تمھاری آواز آئی بلکل ویسے ہی میرے ہر عمل میں شدت آئے گی ..اسی لئے اب بولنے کی گستاخی مت کرنا.

کہا تھا نا مجھ سے دور جانے کا یا گریز کا تو سوچنا بھی مت

..اس نے زرا سا اوپر ہو کر اپنی شرٹ اتاری..اور دوسری جانب اچھالی

...روحا کی آنکھوں بھیگیں

...مگر وہ اس کی گردن پر جھکا اسے پور پور اپنی محبت کی بارش میں بھگو رہا تھا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..جب دروازے پر دستک ہوئی ...اس نے خونخوار نظروں سے دروازے کو گھورا

..کس کی جرات ہوئی تھی سوہم خان کو چھیڑنے کی

...اسے ڈسٹرب کرنے کی

...یقیناً معمولی بات تو نہیں ہوگی

.مگر ریشماں کے آواز دینے پر وہ فورا اٹھا اور اپنی شرٹ اٹھائی ...جلدی سے پہنی

.روحا فورا اٹھ کر بیٹھی

.سوہم کے اشارے پر فوراً دوپٹہ اٹھا کر اوڑھا

.اس نے دروازہ کھولا

.....خیرت ریشماں

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.ریشماں نے مخصوص اشارہ کیا

...جس کا مطلب تھا کہ بلکل بھی خیریت نہیں ہے اور بڑی ایمرجنسی ہے

جلدی سے مڑا

...بیڈ تک آیا ...روح اپنا خیال رکھنا مجھے ضروری کام ہے .

مجھے جانا ہوگا ..ابھی

...وہ کہتا ..اس کے ماتھے پر بوسہ دیتا فورا باہر نکلا تھا

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

سر ایک بہت بری خبر ہے

وہ جنھوں نے نکاح کے فورا بعد اپنے بندے سیف کو ڈھونڈنے کے کام پر لگائے تھے ان میں سے ایک نے آکر کہا.

..کیا ...جلدی بولو ..پاشا نے کہا ..کبیر اٹھ کر کھڑا ہوا

بادشاہ کے بندے سیف کو لاہور بادشاہ کے ٹھکانے پر لے گئے ہیں ..وہ یہاں ان کے کسی اڈے پر نہیں ہے.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ٹھیک ....تو بادشاہ دادا ......پاشا کو اپنے دام میں پھنسانے کے لیے یہ ہتھکنڈے اپنا رہا ہے ..مگر وہ جانتا نہیں شاید کہ پاشا کی ڈیتھ بک میں اب اسی کا نام ٹاپ آف دی لسٹ ہے .چلو کبیر...

نہیں بھائی ....آپ رنحاب، ریما اور رجا کو لے کر واپس جائیں ...سیف کو میں ڈھونڈ لوں گا .مگر بادشاہ کا سر کچلنے کے لیے باقاعدہ پلیننگ اور شیر کی طرح شکار پر جھپٹنے کے لیے دو قدم پیچھے ہٹنے کی ضرورت ہے ..

مگر کبیر

کیا آپ کو مجھ پر بھروسہ نہیں ..کبیر کی آنکھوں میں خون اترا ہوا تھا..

pdfnovelsbank.blogspot.com

وہ تو ہے لیکن...

تو پھر بس مجھے جانے کی پرمیشن دیں...

ٹھیک ہے جاؤ..میں بھی نکلتا ہوں...

جاؤ رجا اسے بلا کر لاؤ ..ہمیں نکلنا ہے ...پاشا نے رجا سے رحاب کو بلانے کا کہا.

ریما کا تو دل کیا اس لڑکی کو یہیں پھینک کر جاتے..

Pdf Novel Bank

یہی سوچ دل کو کچلنے کے لیے کافی تھی کہ اگر ریشماں نے اس کے اور پاشا کے لئے بھی کوئی فیصلہ کر دیا تو..؟

..رجا اسے بلا لائی

آج وہ سفید فراک پاجامے میں سفید چادر لئے ..آسمان سے اتری کوئی نورانی مخلوق لگ رہی تھی ..وہ جو بیگ اپنے ساتھ لائی تھی وہ بھی تھا.

..پاشا نے ایک نظر اسے دیکھا اور سن گلاسز لگا لیں ..اپنے ایک آدمی کو اشارہ کیا اس نے سامان اٹھا کر گاڑی میں رکھا.

..پاشا نے چلنے کا اشارہ کیا ..وہ سب آکر گاڑی میں بیٹھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

،ڈرائیور کے ساتھ گارڈ

اس سے پچھلی سیٹ پر پاشا اور ریما اور اس سے پچھلی پر ٹھیک پاشا کے پیچھے

..رحاب اور رجا تھیں

..رحاب نے سکون سے آنکھیں موند لیں

..اتنی آزادی اتنا سکون بغیر اپنے وجود کی تزلیل ہوئے یہ وقت بہت اچھا لگ رہا تھا

کچھ ابھی ابھی جو ایک شخص کو ایک نظر دیکھ کر روح میں سکون کسی الہام کی طرح

...اترا تھا وہ الگ

..بیک ویو مرر سے پاشا کی نظر بار بار بھٹک رہی تھی

.پھر ایک مخصوص جگہ جا کر وہ گاڑی سے اترے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..ایک فارم ہاوس اور اس کے آگے ایک کھلا سا میدان تھا

.رحاب کو حیرت ہوئی ..کہ پہنچ بھی گئے مگر یہاں سے انھیں ہیلی میں جانا تھا

جب ہیلی کی طرف بڑھے تو رحاب کا دل بچوں کی طرح خوش ہوا ..اسے لگا وہ کسی اور ہی دنیا میں آگئی ہے..

..پھر ہیلی کا وہ سفر بے حد دلفریب تھا

..جلد ہی وہ کراچی پہنچ چکے تھے

...وہاں سے پھر گاڑی میں بیٹھے

اب وائٹ پیلس دور نہیں تھا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

سیف کا کچھ پتہ چلا

.زمل ابھی ابھی دوبارہ اس سے پوچھنے آئی تھی

..ہاں وہ لاہور میں ہے ...میں جا رہا ہوں اسے لینے .. مصروف سا انداز تھا

میں بھی جاؤں گی آپ کے ساتھ ..وہ مچلی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ڈارلنگ میں ہنی مون پر نہیں جا رہا ..جہاں تمھارا ساتھ جانا ناگزیر ہے ...سامنے بھی کبیر تھا ..جیسا سوال ویسا جواب..

وہ خجل سی ہوئی مگر

پلیز مجھے سیفی سے ملنا ہے ..میں انتظار نہیں کر پاؤں گی ..وہ پھر مچلی.

پکنک پہ نہیں جا رہا میں ..ڈینجر ہو سکتا ہے وہاں ..وہ اب جھنجھلا گیا اسکی ضد سے.

مجھے جانا ہے ..وہ سسکی ..اور اس کے آنسوؤں سے ہی تو کبیر جھلا اٹھتا تھا.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..بابا کو کیا کہو گی ..کبیر نے آخری کوشش کی

میں نے انھیں سب بتا دیا ہے ..نکاح کے بارے میں بھی ..کہوں گی آپ کے ساتھ جا رہی ہوں..

..کبیر نے بے یقینی اے اسے دیکھا

میرے بابا کو مجھ پر بھروسہ ہے ..کہ اگر میں نے کوئی فیصلہ لیا ہوگا تو وہ سوچ سمجھ کر لیا ہوگا..قہ دھیمے سے بولی.

..ٹھیک ہے انھیں انفارم کرو ..میں آتا ہوں ..ان سے بھی مل لوں گا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ وہاں سے نکلی اور اپنے گھر گئی.

..کچھ دیر بعد کبیر اندر آیا ..بابا سے ملا

میری بیٹی کا خیال رکھنا ...کہہ رہی ہے کہ جہاں سیفٹی ہے وہاں خطرہ ہے.ان کے کندھے جھکے ہوئے تھے ..مگر اتنے جواں مرد اور طاقتور داماد کو دیکھ کر جیسے بوڑھے وجود میں طاقت آئی تھی..

زمل نے نے انھیں یہی بتایا تھا کہ کبیر بزنس کرتا ہے.

میں نے منع کیا ہے ..مگر یہ ضد کر رہی آپ ہی اسے سمجھائیں .کبیر نے کہا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

نہیں بیٹا ..لے جاؤ اسے ساتھ .. نہیں تو یہاں رو رو کر نڈھال کرے گی خود کو اور مجھے بھی پریشان کرے گی..

ٹھیک ہے ..کبیر نے ٹھنڈی آہ بھری

پھر وہ فوراً نکلے تھے وہاں سے.

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

راسم نے پورے وائٹ پیلس کے بیرونی اور اندرونی سی سی ٹی وی کیمرے کنگھالے تھے.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

جس سے اسے پتہ چل چکا تھا کہ وہ پنکی لوگوں کی گاڑی میں چھپ کر نکلی ہوگی.

فون ریکارڈز نکلوائے تو اس کی ماں کا نمبر اور ایڈریس بھی مل گیا تھا.

وہ بھی راسم تھا اور یہ محض اس نے ایک دن میں کیا تھا.

سوہم بیسمنٹ میں اس کے سامنے تھا.

پاشا بھی پہنچ چکا تھا..

ریشماں نے ایمرجنسی میٹنگ رکھی تھی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.اور اب وہ بادشاہ دادا کی جرات پر ڈسکشن کر رہے تھے

.کبیر کو ہماری ضرورت پڑے گی ..سوہم فکر مند ہوا

تو ٹھیک ہے ...میں اور سوہم کبیر کے پیچھے جائیں گے ..راسم تم اپنی بیوی کو ..ڈھونڈو

میں اسی لئے اس جھنجھٹ میں نہیں پڑنا چاہتا تھا ..اب میں اپنا کام چھوڑ کر ....عورتوں کے پیچھے بھاگوں

راسم سخت جھنجھلایا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

راسم ...ریشماں نے وارننگ دی ...وہ کوئی عام عورت نہیں بیوی ہے تمھاری ..اور ..تم کیا سمجھتے ہو ..ہاں ...مجھے معلوم نہیں ..تمھارا رویہ کیسا تھا اس کے ساتھ ....تمھارے کمرے کے ساتھ والے کمرے میں رہ رہی تھی وہ

.پاشا سنجیدہ بیٹھا تھا ..مگر راسم کی درگت پر سوہم نے ضرور دانت تلے لب دبایا تھا

...راسم بوکھلایا ...یہ ...یہ اس نے بتایا آپ کو

مطلب تکا ٹھیک تھا میرا ..یہ بال دھوپ میں سفید نہیں کیے راسم دنیا دیکھی ہے..اب جاؤ اسے ڈھونڈو ..اور اس بار سختی مت کرنا اس سے ... محبت ہے تو بول بھی دینا اسے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

راسم گڑبڑایا ...مگر

.پلیز ریشماں مجھے پتہ ہے وہ اپنی ماں کے پاس ہے تو محفوظ ہوگی

یہ بھی پتہ ہے کہ گھر چینج کیا ہے ..اس کی ماں کرائے کے مکان میں رہ رہی

ہے ..میرے آدمی کر رہے ہیں اس کی حفاظت ..اسی لئے بہتر نہیں ہم پہلے

.بادشاہ پر توجہ دیں

..ٹھیک ہے پھر تم بھی چلو لاہور ہی ..اور اس بار بادشاہ کی موت طے ہے

..پاشا نے کہا.اور اٹھا مگر

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.پاشا بیٹھ جاؤ ...مجھے وضاحت چاہیے...ریشماں نے سنجیدگی سے کہا

میں نے بس اسے آزادی دلوائی ..باقی ساری بات اور صورتحال آپ کو بتا چکا ہوں

...آپ اسے کسی اچھے سے دارالامان بھجوا سکتی ہیں ..

.وہ بظاہر لاپرواہی سے بولا

..مگر وہ جانتا تھاکہ ریشماں ایسا کبھی نہیں کرے گی

سچ میں ...اور تو کوئی بات نہیں ناں...پاشا

...نہیں ہے ریشماں

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ٹھیک ہے ..اب میں خود دیکھ لوں گی اسے ..ریشماں لاپرواہی سے بولی.

پاشا نے کہا ..اور تینوں اٹھ کر جانے لگے.

مگر پاشا اور سوہم اچانک مڑے مگر ان کے کچھ بولنے سے پہلے ہی

ہاں ..ہاں ٹھیک ہے رکھوں گی خیال ..تمھاری روح کا سوہم خان

اور تمھاری رحاب کا.

ریشماں کا لہجہ معنی خیز تھا.

پاشا پہلی مرتبہ اپنی بے اختیاری پر گڑ بڑایا.

pdfnovelsbank.blogspot.com

اور فورا وہاں سے نکلا ..پیچھے ریشماں کھل کر مسکرا دی.

عشق مشک چھپائے نہیں چھپتے پاشا ابراہیم...

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

رجا اسے ایک کمرے میں لے کر آئی تھی جو وائٹ پیلس پر بنی دوسری اور بہت بڑی منزل کے پیچھے کی جانب تھا..

Pdf Novel Bank

یہ آج سے تمھارا کمرہ ہے ..کسی بھی چیز کی ضرورت ہوئی تو وہ انٹر کام ہے ..نیچے اطلاع دے دینا.

اب رحاب اسے کیا بتاتی کہ وہ انٹر کام اس کے کسی کام کا نہیں ..مگر سر ہلا دیا.

رجا کو اس مغرور اور گھمنڈی لڑکی پر پھر غصہ آیا جس نے ان سے بات تک کرنا گوارا نہیں کیا تھا ..سو تن فن کرتی وہاں سے نکلی.

رحاب نے دروازہ لاک کیا..

سکون سے ایک گہری سانس لی..

اتنا بڑا اور بے تحاشا خوبصورتی سے سجایا گیا کمرہ ..جہازی سائز بیڈ..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.بڑی سی بالکونی جس میں سے وائٹ پیلس کا اندرونی اور بیرونی منظر نظر آ رہا تھا

...گھوم پھر کر کمرہ دیکھا اور آ کر بازو پھیلا کر بیڈ پر گری

..واؤ ..چھت بھی بہت خوبصورت ہے

..اور اگر فضا کو پتہ چل جائے کہ میری ہر خواہش پوری ہو گئی ..مجھے آزادی مل گئی
.اور وہ مل گئے تو وہ کتنی خوش ہو

وہ اپنی آخری بات پر چونکی ..چہرہ سرخ ہو گیا..دلفریب مسکان کے ساتھ دوپٹہ
..چہرے پر گرا لیا

pdfnovelsbank.blogspot.com

...پاشا .......دل پھر زور سے دھڑکا

...یہ دارالامان ہی ہے کیا

..وہ کتنے اچھے ہیں

یہاں بے سہارا اور زمانے کے ستائے ہوئے لڑکے لڑکیوں کو تو کیا .. خواجہ سراؤں کو بھی سہارا ملتا ہوگا.

وہ سب سے مل چکی تھی ..سوائے ریما کے سب اس سے بہت محبت سے پیش آئے تھے .وہ سمجھ گئی تھی کہ ریما اسے ناپسند کرتی ہے مگر کیوں یہ سمجھ نا آیا..

..سب نے اس کا پرتپاک استقبال کیا تھا

Pdf Novel Bank

..پاشا....اس نام سے پتا نہیں کیوں مگر عقیدت سی ہو گئی تھی اور اسے دوہرانا اس کے بارے میں سوچنا اسے دیکھنے سے پتہ نہیں کیوں مگر بے تحاشا سکون ملتا تھا.

وہ اتنے بریو ..نڈر اور بے خوف ہیں

..سب ان سے ڈرتے ہیں ...وہ کیا کرتے ہوں گے

...یقیناً یا پولیس آفیسر ہوں گے یا فورس میں

ہاں ایسا ہی ہوگا..وہ بے وجہ مسکراتی بس خود سے پاشا کی ہی باتیں کیے جا رہی تھی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

..کیا میں ان سے محبت کرنے لگی ہوں

.ہاں ... بہہہہہہہہہہہہہہہہہہہت ...دل نے جواب دیا

.شرم سے دہری ہو گئی

..چہرہ ہاتھوں سے چھپا لیا

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

دونوں ماں بیٹی کافی دیر سے ایک دوسرے کے گلے لگے اپنا غم غلط کرنے میں مصروف تھیں

Pdf Novel Bank

..مما...آپ نے اپنی بیٹی پہ کیوں بھروسہ نہیں کیا کبھی

بس کرو فانیہ پہلے ہی ضمیر ہر روز مجھے کچوکے لگاتا ہے .اب بس اور شرمندہ مت کرو

پہلے ہی میں اپنی ہی نظروں میں گر چکی ہوں ..نایاب نے کیا نہیں کیا تمھارے ساتھ ..زندگی کے ہر قدم پر تمھیں نیچا دکھایا ..اور وہ خبیث آدمی نا شوہر کہلانے کے لائق تھا نہ باپ

کئی مرتبہ میں نے اسے تمھیں چھپ کر دیکھتے دیکھا ..مگر خاموش رہی مجھ جیسی بدنصیب بھی کوئی ماں ہوگی جو اپنی بیٹی کی حفاظت نا کر پائی

.اور اب بھی تم زمانے کی ٹھوکروں پر ہوگی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

نہیں .. نہیں مما ...میں محفوظ تھی بلکل ...فانیہ پل بھر کو خاموش ہوئی.

وہ ستمگر بڑی شدت سے یاد آیا...

اور پھر اس نے خود پر بیتنے والا پل پل ماں کو بتا دیا

نکاح کے بارے میں بھی.ہر بات

فانیہ پاگل ... تم اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر کیوں آ گئیں پھر ...نسیمہ بیگم کی صدمے سے آنکھیں پھٹیں..

مما ...انھیں میرے ہونے نا ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑے گا.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اور پلیز آپ کچھ دن مجھ سے اس بارے میں کوئی بات مت کیجیے گا ....وہ اداس ہوئی

..لیکن

..مما پلیز

..اچھا ٹھیک ہے ادھر آؤ ...نسیمہ نے اسے سینے میں بھینچا

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

.ریشماں اور پنکی رحاب کے کمرے کی طرف جا رہیں تھی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..اری ...تجھے پتا ہے پنکی ......پاشا اس لڑکی سے کتنی زیادہ محبت کرتا ہے

ارے ناں.....ناں کریں باجی ... قسم سے ..مگر میں نے تو سنا اس نے کہا اسے ..دارالامان چھوڑ دیں ...پنکی حیرت میں ڈوبی

..کہاں رے پگلی ...نا سمجھ ہے وہ ..جان بوجھ کر کرتا ہے .دیکھنا زرا واپس آتا ہے تو کچھ دیر کے لیے بھی اس لڑکی کو چھپا دیا ناں پورے وائٹ پیلس کو آگ لگا دے ..گا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..پنکی کھلکھلا کر ہنسی ..ہاں سوچنے والی بات تو ہے باجی کہ پاشا ایک لڑکی کو اٹھا لیا ریما جب سے آئی ہے پھرتی ہے اس کے آگے پیچھے ...مگر وہ ایک نظر بھی نہیں ڈالتا اس پر...اسی لئے ریما جلن میں کہہ رہی ہوگی کہ لڑکی مغرور اور گھمنڈی ہے بولتی ہی نہیں کسی سے.

..وہ باتیں کرتی رحاب کے کمرے میں داخل ہو چکیں تھیں

..وہ اٹھ کر بیٹھی

..چشم بد دور ...ہائے اللہ باجی ...یہ تو کتنی خوبصورت ہے ..پنکی گالوں پر ہاتھ رکھے ..اس نازک سی گڑیا کو نہار رہی تھی

...وہ بلش ہوئی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کیسا لگا کمرہ تجھے ... کسی چیز کی ضرورت تو نہیں ..ریشماں نے سر پر ہاتھ رکھ کر پوچھا..

مگر وہ سر جھکا گئی

.کیا اچھا نہیں لگا ..کوئی پریشانی ہے یہاں پر

اس نے زور سے نفی میں سر ہلایا ...یہ کمرہ بہت خوبصورت ہے ....مجھے کوئی پریشانی نہیں ....بہت خوش ہوں ...رحاب نے اشارہ کیا..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ریشماں اور پنکی پھٹی پھٹی آنکھوں سے اس پری پیکر کی معصومیت دیکھ رہی تھیں..

تم بول نہیں سکتی ...پنکی کو زیادہ صدمہ لگا.

نہیں ..اس نے نفی میں سر ہلایا..

پاشا کو معلوم ہے ..مجھے نہیں لگتا اسے معلوم ہے ...کیونکہ اس نے ہر بات بتائی ..اس کے علاوہ...

نہیں ..رحاب نے پھر نفی میں سر ہلایا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..اوہ ...ریشماں اور پنکی سخت اداس ہوئیں

...ٹھیک ہے اپنا خیال رکھو

..وہ اسے گال تھتھپا کر چلیں گئیں

..رحاب کو ایک اور سوچ ستانے لگی

..اگر انھیں پتہ لگ گیا کہ میں بول نہیں سکتی تو کیا ہوگا

...اس کی آنکھیں ڈبڈبائیں

...ریشماں اور پنکی روحا کے کمرے میں آئیں

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..سوہم خان جا چکا تھا

..گلو خلاصی ہوئی ...روحا نے سکھ کا سانس لیا

..فورا بیڈ سے اتری اور صوفے پر آ گئی

ریشماں اور پنکی اندر آئیں تو ایک مرتبہ پھر اوسان خطا ہوئے .. سہم کر کھڑی ہوئی...

.ارے بچی ڈرو مت ...پنکی فدا ہوئی ..اور قریب آئیں

..پھر وہ دونوں اس کے پاس صوفے پر بیٹھ کر ڈھیر ساری باتیں کرتے رہے

.اسے خود سے مانوس کیا

.روحا کا سارا ڈر بھاگ گیا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اور وہ نارمل ہو کر ان سے باتیں کرنے لگی.

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

گاڑی لاہور کی طرف رواں دواں تھی.

گاڑی میں بلکل خاموشی تھی.

کبیر خد ڈرائیونگ کر رہا تھا.

گارڈ اور کبیر کے خاص آدمیوں کی گاڑیاں ان کے آگے پیچھے تھیں..

وہ دروازے سے تقریباً چپک کر بیٹھی تھی..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

......کبیر کو سویاں چبھی .....کوئی بات ہی کر لو

.کیوں؟ وہ تڑخ کر بولی

اب ہزبینڈ وائف باتیں تو کر ہی سکتے ہیں ..کبیر نے وہ رشتہ جتایا ..جو اب ان دونوں کے بیچ تھا.

اوننہہ زبردستی کا رشتہ....زمل نے دانت پیسے ...آپ کو معلوم ہے آپ نے میری مجبوری کا فائدہ اٹھایا ..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ہرگز نہیں میری جان ...یہ بات تو تم اتنے دعوے سے تب کرتیں جب لاہور جانے سے پہلے میں تمھیں اپنے بیڈروم میں لے کر جاتا...تمھارا وجود میرے بستر کی سلوٹیں بڑھاتا....

وہ استہزایہ ہنسا...وہ کبیر تھا.کبیر ابراہیم

پتہ نہیں وہ کیوں اس بلا سے الجھ جاتی تھی

.خفت سے کانوں تک سرخ ہوئی

...پہلو بدل کر رہ گئی

..ایک بار میں ہی وہ اسے لاجواب کر گیا

....اس کی بولتی بند

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

پھر زمل نے کوئی بھی بکواس کرنے کی جرات نا کی اس کے آگے ..بس اس کی باتوں کا ہوں ہاں میں جواب دینے لگی..

کچھ گھنٹوں میں وہ لاہور میں تھے.

اپنے مخصوص ٹھکانے پہنچے..

وہاں کا ایک آدمی بھاگ کر ان کے پاس آیا...

سر اس کا پتہ چل چکا ہے ..شہر سے تھوڑا باہر پرانی فیکٹری ایریا میں بادشاہ دادا کا آؤٹ ہاؤس ہے ..وہاں رکھا ہے اسے...

pdfnovelsbank.blogspot.com

ٹھیک ہے چلو ..اب میں سکون سے تب ہی بیٹھو گا ..جب اسے واپس لے آؤں گا...

زمل تم اندر جاؤ...

..وہ نکلنے لگے ..جب زمل نے آکر اس کے بازو کو دبوچا

.پلیز مجھے بھی ساتھ لے جائیں

..کبیر نے طیش کے عالم میں سختی سے لب بھینچے ..ہرگز نہیں

میں بھی نہیں جاؤں گی اندر ..وہ ضدی ہوئی

ایک تو پتہ نہیں وہ اس کی ہر ضد کیوں ماننے بیٹھ جاتا تھا ..کبیر نے دانت کچکچائے .. جھنجھلا کر گاڑی میں بیٹھا.

Pdf Novel Bank

.وہ بھی بھاگ کر گاڑی میں بیٹھ گئی

...گاڑیاں نکلیں

.اسپیشل الرٹ مل چکا تھا کہ پاشا، سوہم اور راسم پہنچنے والے ہیں

.مگر کبیر نے ان کا انتظار نہیں کیا

..اور شاید یہی سب سے بڑی غلطی کر دی

...وہ جلد ہی اس فیکٹری ایریا میں پہنچے

پرانی خالی اور ٹوٹی پھوٹی فیکٹریاں تھیں ..انھوں نے آؤٹ ہاؤس کو چاروں طرف
..سے گھیرا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..مگر یہ کیا

.کبیر بے تحاشا چونکا

.. مخصوص اشارے سے اپنے آدمیوں کو رک جانے کا اشارہ کیا

کبیر کی چھٹی حس جاگی ...اور سخت گڑ بڑ کا احساس ہوا

.کوئی مزاحمت کیوں نہیں تھی

.کوئی آدمی پہرے کے لئے کیوں نہیں تھا

.کبیر نے انتظا کیا

اور ابھی بیس منٹ ہی گزرے تھے کہ

تبھی فضا ایک زور دار دھماکے سے گونج اٹھی تھی .اور آؤٹ ہاؤس کے پرخچے اڑ گئے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..کبیر کے چند آدمی جو ہاؤس کے زیادہ قریب تھے وہ بھی موقع پر دم توڑ گئے

.شاید وہ پوری تیاری کر کے بیٹھے تھے ..اسی لئے فائرنگ کی برسات ہوئی تھی

زمل جو کہ دھماکے کی آواز سن کر گاڑی میں دبکی بیٹھی تھیاب شدید خوفزدہ ہوئی تھی..

.کبیر کے لوگوں نے جوابی فائرنگ شروع کر دی تھی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اتنے میں ہی سامنے سے ایک فیکٹری سے اچانک وین نکل کر ان کے مخالف سمت دوڑی تھی.

جس کا دروازہ کھلا تھا ..اس میں کچھ غنڈے سیف کو دبوچے بیٹھے تھے.

سیف شور مچا رہا تھا.

زمل سیف کو دیکھ چکی تھی..

سیفی .... سیفی.

جب تیزی سے گاڑی میں سے نکل کر وین کے پیچھے بھاگی..

کبیر کے پیروں نیچے سے زمین کھسکی تھی ..وہ بھی زمل کے پیچھے اپنا بچاؤ کرتا بھاگا..،

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وین والے غنڈوں نے زمل پر فائر کیا تھا ..ایک آگ کا شعلہ تھا جو زمل کے پہلو میں آر پار ہوا تھا..

وہ وہیں لڑکھڑا کر بل کھاتی بہت دور جا کر گری..

زمل ...کبیر چلایا..

اتنے میں ایک طوفان تھا جو وہاں سب کچھ تہس نہس کرتا داخل ہوا تھا..

پاشا، سوہم اور راسم پہنچ چکے تھے..

اور خون کی ندی بہا دی تھی..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وین والے درندوں نے عین سیف کے دل کی جگہ فائر کیا تھا ..اور اسے وین کے نیچے پھینک کر خود فرار ہونے کی کوشش کی مگر اب معاملہ پاشا کے سپرد ہو چکا تھا .اسی لئے ان کی دردناک موت طے تھی

پاشا وین کے سامنے سے آیا تھا اور ڈرائیور کے بھیجے میں گولی ماری تھی ..وین لڑکھڑائی..

شدید ایکسیڈنٹ ہوا اور ان غنڈوں کے چیتھڑے اڑ گئے

.کبیر نے بے ہوش زمل کو گود میں بھرا تھا

..چند لمحوں میں ہی بادشاہ کے آدمی کتے کی موت مارے جا چکے تھے

.وہ بھاگ کر سیف کے پاس گئے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.مگر دیر ہو چکی تھی

.سیف مر چکا تھا

.اس کی شرٹ کی پاکٹ میں چٹ تھی

.پاشا نے فوراً کھول کر دیکھی

...پاشا

پہلا تحفہ مبارک

...تمہارا اور تمہارے سب جلادوں کا یونہی سر کچلوں گا ..ان ہیجڑوں سمیت

..شروعات تمہارے بھائی کی رکھیل کے بھائی سے سہی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.پاشا کی رگوں میں خون لاوا بن کر دوڑا تھا ..سوہم بھی پیغام پڑھ چکا تھا

تم لوگ ہوسپیٹل جاؤ .....میں اور سوہم زرا بادشاہ کو کتے کی طرح بھگا بھگا کر

...مارنے جا رہے ہیں

.پاشا دھاڑا

کوئی فائدہ نہیں سر .....وہ بزدل آپ کے ڈر سے یہ بزدلانہ کاروائی کر کے پہلے ہی

..ملک سے فی الحال فرار ہو چکا ہے

..شٹ .....پاشا کو آگ لگی

مگر اس کی دردناک موت طے ہے ....سوہم غرایا

.وہ سب فوراً ہوسپیٹل کے لئے نکلے تھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

..آپریشن کے بعد زمل ٹھیک تھی

..کیونکہ گولی پہلو میں لگی تھی اور کوئی بڑا نقصان نہیں ہوا تھا

.مگر خون بہت ضائع ہو چکا تھا ...اسے روم میں شفٹ کر دیا گیا تھا

کبیر اس کے بلکل پاس ہی بیڈ پر بیٹھا تھا ..بے بسی کے احساس سے لب کچل رہا تھا.

..وہ زمل کے سیفی کو نہیں بچا پایا تھا

..باہر وہ سب موجود تھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ اتنی تکلیف میں تھااسی لئے پاشا نے اسے فی الحال کچھ نہیں کہا تھا ..کیونکہ یہ اس کی لاپروائی تھی کہ اس نے ان کا انتظار نہیں کیا تھا..

زمل نے آہستگی سے آنکھیں کھولیں تھیں..

مگر اس وقت اسے خود سے زیادہ سیفی کی فکر تھی..

سس ... سیفی ...وہ سسکی

وہ ٹھیک ہے ..بلکل .....کبیر نے ڈاکٹرز کی ہدایت کے مطابق جھوٹ بولا..

مجھے اسے دیکھنا ہے...زمل نے بازو پھیلائے..مطلب مجھے اٹھا کر لے جاؤ..

کبیر نے کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے خود میں بھینچا...

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مجھے سیفی کے پاس جانا ہے.اسے دیکھنا ہے ایک بار.کبیر کے سینے سے لگی وہ سسکی.

.گولی لگنے سے وہ پیلی زرد پڑ چکی تھی ...نڈھال سی تھی

کبیر نے لال انگارہ آنکھیں لئے ....جھک کر اس کا چہرہ ہاتھوں کے پیالے میں ...بھرا ..اور اس کے لب نرمی سے اپنے لبوں کی گرفت میں لئے

..اس نے مزاحمت نہیں کی ..مگر گھبرا کر اس کی شرٹ کالر سے جکڑی

کبیر نرمی سے پیچھے ہٹا ..اور اس کی مسلسل ایک ہی ضد سے اسے بازوؤں میں بھرے icu میں لایا..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..وینٹی لیٹر پر موجود وہ وجود مردہ تھا مگر یہ بات صرف کبیر جانتا تھا

..اس کے بازوؤں میں موجود زخموں سے چور زمل نہیں

.مشین چلوا رکھی تھی Ecg ڈاکٹر سے بول کر آکسیجن اور

.ای سی جی مشین میں چلتی دل کی دھڑکنوں کو ظاہر کرتی وہ لائینیں نقلی تھیں

.مجھے قریب لے جائیں ..وہ نڈھال سی مچلی

...کبیر کا چہرہ خوف اور بے بسی سے لٹھے کی طرح سفید ہوا

.اس نے لا کر بیڈ پر زمل کو بٹھایا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..وہ زرا سا جھکی

سیفی میرے بھائی ..بابا انتظار کر رہے .. جلدی سے ٹھیک ہو جاؤ ..پھر گھر چلیں گے ..سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا

زمل اس کے ماتھے پر بوسہ لینے کو جھکنے لگی ..جب کبیر نے بہت جلد تڑپ کر اسے پھر بازوؤں میں بھرا.

..زمل وہ زخمی ہے ..اسے تکلیف ہوگی

نن .نہیں کبیر... مم ..مجھے لگ رہا ہے .. سیفی سانس نہیں ..ڈاکٹر کو بلاؤ ..وہ مچلی...

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..وہ فوراً اسے روم میں اس کے بیڈ پر لایا تھا

..نہیں مجھے سیفی کے پاس جانا

وہ ٹھیک ہے زمل ..پلیز ...میری .....زمل ...زمل ....اس کی بات ادھوری رہ گئی
.جب وہ اس کے بازوں میں نیم جان سی جھول گئی

....ڈاکٹر

.کبیر چلایا ......ڈاکٹر بھاگ کر اندر داخل ہوئے تھے

.پھر کبیر زمل کے پاس ہی رہا ..اگلے تین دن اسے بے ہوش ہی رکھا گیا

...پاشا سوہم اور راسم سیف کی ڈیڈ باڈی جہلم اس کے بابا کے پاس لائے تھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

غم سے نڈھال وہ بوڑھا شخص اپنے جواں سالہ بیٹے کی میت دیکھ کر بکھر گیا تھا..کندھے جھک گئے تھے.

...برسوں کا بیمار اور بوڑھا دکھائی دیتا تھا

.ان تینوں نے ہی سیفی کی آخری رسومات ادا کی تھی

..اور بوجھل دلوں کے ساتھ اسے منوں مٹی تلے دبا آئے تھے

.اب وہ بابا کے پاس بیٹھے تھے

..زمل کا بھی بتا دیا تھا کہ وہ زخمی ہے اور اسے سیفی کے بارے میں نہیں بتایا گیا

پھر وہ سامنے اپنے ٹھکانے پر چلے آئے تھے

.

pdfnovelsbank.blogspot.com

چوتھے دن زمل کی حالت میں کافی سدھار تھا ..کبیر اسے بابا کے پاس لے کر آیا تھا..

..اب وہاں سوہم، پاشا اور راسم بھی موجود تھے

وہ لپک کر بابا کے پاس آئی تھی ...بابا سیفی کہاں ہے ..انھوں نے کہا کہ وہ بلکل ..ٹھیک ہے اور گھر آگیا ..مم ..مجھے ملنا ہے اس سے

جاؤ قبرستان چلی جاؤ ...کیونکہ اب وہ وہیں ہے ... کبھی واپس لوٹ کر نہیں آئے ...گا ...بابا پتھر بنے ایک ہی جگہ کو گھور رہی تھے

پتہ تھا زرا سی نرمی کی تو بیٹی کو بھی کھو بیٹھے گیں

Pdf Novel Bank

..اس کی آنکھیں صدمے اور تحیر سے پھٹیں ....بب ...بابا یہ کیا کہہ رہے ہیں آپ

سچ کہہ رہا ہوں مر گیا ہے تمھارا سیفی ....لاہور سے ڈیڈ باڈی آئی تھی اس کی.اب بیٹھ کر رو لو اسے زمل

وہ کبیر کی جانب لپکی اور اسے گریبان سے جھنجھوڑا

یہ کیا کہہ رہے ہیں بابا ..بتائیں مجھے ..آپ نے کہا تھا آپ بحفاظت لائیں گے اسے ...کہاں ہے وہ....

کبیر نے آہستگی سے اپنا گریبان چھڑایا اور نظریں چرا لیں ..وہ زمین پر بیٹھتی چلی گئی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

پھر پورے گھر میں اس کی چیخیں اور دھاڑیں گونجیں تھی.

وہ دھاڑیں مار مار کر رو رہی تھی.

اپنے بال نوچ رہی تھی..

چیختی سیفی سیفی پکار رہی تھی..

ان چاروں نے بے چینی سے پہلو بدلا.

کبیر کا چہرہ شدت ضبط سے سرخ پڑا...

سب سے پہلے کبیر ان چیخوں اور دھاڑوں کی آوازیں سننے سے بچنے کیلئے وہاں سے تیزی سے نکلا تھا.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

....پھر وہ تینوں ہی جلد وہاں سے نکلے

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

..آگے کا سارا لائحہ عمل تیار ہے ..وہ سور جب بھی لوٹا ہمیں پتہ چل جائے گا

..میں لاہور کی سرزمین سے اس کی راجدھانی کو آگ لگا کر راکھ کر دوں گا

پاشا کی آنکھوں میں نفرت تھی ..اور اب بادشاہ کی رگوں کو پاشا کے اس مخصوص

....آلے سے کوئی نہیں بچا سکتا تھا

.....یا اس کی شہہ رگ کو سوہم کی گن سے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

راسم میں اور سوہم واپس جا رہے ہیں اور تم اب یہاں آ ہی گئے ہو تو اپنی بیوی کو ساتھ لے کر آنا..

اسلام آباد زیادہ دور نہیں

راسم کچھ بولنے لگا

...اور یہ میرا آرڈر ہے ...کبیر تم بھی یہیں رہو..زمل کو تمھاری ضرورت ہے

...سوہم اور پاشا وہاں سے نکلے

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

.روحا اور رحاب کی اچھی خاصی دوستی ہو گئی تھی

.سوہم نہیں تھا روحا تو سکون میں تھی

.مگر جانے کیوں رحاب کا دل کسی چیز میں نہیں لگ رہا تھا

اب بھی روحا کے کمرے میں سے اپنے کمرے میں آئی اور اداسی سے کھڑکی میں کھڑی ہو گئی.

افففف کیا کروں ..یہ دل کمبخت کہیں نہیں لگ رہا ہے .کیا مصیبت ہے ...ابھی وہ کچھ اور سوچتی کہ بیک سائیڈ والے گیٹ سے گاڑی اندر داخل ہوئی تھی..

پھر پورچ میں جا کر رکی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..وہ کھل اٹھی ...مڑ کر باہر کی طرف آئی

مگر اس سے پہلے وہ لوگ ریشماں کے کمرے میں چلے گئے تھے ..وہ صرف پیٹھ ہی دیکھ پائی...

.اور اب وہیں کھڑے ہو کر ان کے باہر نکلنے کا انتظار کرنے لگی

..پہلے کمرے سے سوہم نکلا تھا

.اور وہ پورچ کی جانب بڑھا

...وہ بے چین ہوئی ...شاید وہ پھر کہیں چلے جائیں گے

.مڑ کر سیڑھیوں کی جانب آئی

وہ جب تک سیڑھیوں کی جانب آئی ..پاشا کمرے سے نکل کر باہر کی جانب بڑھ چکا تھا....

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ ننگے پیر سیڑھیاں اترتی فیروزی فراک پاجامے میں وائٹ پیلس کے وائٹ سنگ مر مر پر بھاگ رہی تھی.

دوپٹہ گلے میں دائیں بائیں جھولتا ہوا میں اڑ رہا تھا

اس وقت دل میں بس ایک جھلک.

صرف اور صرف ایک جھلک

دیکھنے کی شدت کی خواہش تھی.

وائٹ پیلس میں ہو کا عالم تھا ..جو موجودہ تھے .وہ اپنے اپنے کمروں میں تھے.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

طویل و عریض کوریڈور میں بھاری بوٹوں کی دھمک گونج رہی تھی.ان بوٹوں کی آواز میں دو بلکل چھوٹے پائلوں کے گھنگھروؤں کی آواز دب گئی تھی.

..وہ دیوانوں کی طرح چھپ کر اس کے پیچھے بھاگ رہی تھی

پاشا آج پورے چار دن بعد وائٹ پیلس آیا تھا ..بس ریشماں سے ملنے..ایک نازک سے وجود سے گریز بہت ضروری تھا جو وہ کر رہا تھا.

اب اپنے مخصوص سٹائل میں پینٹ کی پاکٹوں میں ہاتھ ڈالے ..سن گلاسز لگائے واپس جا رہا تھا.

کوریڈور سے گرزر کر باہر نکلا

pdfnovelsbank.blogspot.com

ربحاب باہر تک پیچھے آئی .بڑے برآمدے کے بڑے پلر کے پیچھے چھپی.اور زرا سا جھک کر اسے دائیں جانب سے دیکھا..دیدار ہو چکا تھا ..اتنے دنوں سے جو ننھی سی ..جان کانٹوں پر گھسیٹ لی گئی تھی

روح تک میں سکون اترا

.پاشا ٹھٹھک کر رکا ..وہ تو اسے اس کی آہٹ سے بھی پہچاننے لگا تھا

.اور بھلا وائٹ پیلس میں آئینوں کی کیا کمی تھی

.بائیں جانب لگے پلر کے آئینے میں سے فیروزی آنچل اڑتا دکھائی دیا

..پاشا نے لب بھینچے ..رگیں تن گئیں

Pdf Novel Bank

یہ لڑکی مرے گی میرے ہاتھوں ..وہ جو دامن بچا کر جانا چاہتا تھا ..اب جیسے قدموں میں زنجیریں جکڑی گئیں تھیں.

مگر وہ کوئی معمولی انسان نہیں ..پتھر دل پاشا تھا جسے خود پر کنٹرول کرنا آتا تھا اسی لئے اگنور کرتا پھر آگے بڑھا اور نکلتا چلا گیا..

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

دروازے پر ہلکی سی دستک ہوئی تھی..

جانے کیوں مگر ہر دستک پر فانیہ کے دل کی دھڑکن تیز ہو جایا کرتی تھی.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..مما تو اپنے کمرے میں نیم دراز تھی

..اب بھی لرزتے قدموں سے دروازے تک آئی

..کون ...پوچھا

.نایاب ہوں ....دروازہ کھولو ...لہجہ تحکمانہ سا تھا

اس نے دروازہ کھول دیا..مگر دروازے سے نا ہٹی

اوہ ....تم واپس آ گئی حالانکہ یقین کرو کوئی ایسا پل نہیں رہا جب میں نے دعا نا کی ہو کہ تمھارے ساتھ کوئی ایسا حادثہ ہو جائے کہ یہ تمھارا خوبصورت چہرہ بلکل مسخ ہو جائے ..اس نے اطمینان سے زہر اگلا.

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

..حاسدوں کی دعائیں کبھی پوری نہیں ہوتیں ..فانیہ نے بھی اطمینان سے کہا

.نایاب کو آگ لگی

...منہ میں زبان بھی آ گئی ..امپریسیو

...کیا کام ہے

ہٹو تمھاری ماں سے ملنا ہے مجھے ..وہ فانیہ کو بدتمیزی سے دھکیلتی اندر کی جانب

.بڑھی

.نسیمہ کا اسے دیکھ کر بری طرح موڈ خراب ہوا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

پاپا نے بھیجا ہے مجھے ..دیکھنے آئی تھی وہ کونسا قارون کا خزانہ ہاتھ لگ گیا ہے کہ مکان بھی لے کر بیٹھ گئی ہو اور سارے خرچے بھی پورے ہو رہے ہیں..وہ نسیمہ سے بولی

تم سے مطلب ..نایاب اپنی منحوس شکل لے کر دفاع ہو جاؤ ..اور اپنے باپ سے کہو طلاق دے دے مجھے ..ورنہ عدالت گئی تو مکان سے بھی نا ہاتھ دھونا پڑ جائے .....تم دونوں بھکاری باپ بیٹی کو

.راسم اسلام آباد پہنچ چکا تھا

اور اب اطمینان سے اس گھر میں داخل ہوا تھا جہاں سے پہلے ہی اونچی آوازیں سنائی دے رہی تھیں..

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

....مجھے تو پہلے ہی لگتا تھا پاپا کو پہلے ہی کہا تھا کے ان ماں بیٹی کے چال چلن

چٹاخ .........ایک زناٹے دار تھپڑ پڑا تھا ..نایاب کو فانیہ سے

.نایاب حیرت سے پھٹی آنکھوں سے گال پر ہاتھ رکھے اس کی جرات دیکھنے لگی

یہ ہمت اسے ریشماں کی بخشی ہوئی تھی جس کی برین واشنگ نے اسے بزدل اور

ڈرپوک سے بہادر اور دبنگ بنا دیا تھا

خبردار نایاب ...اتنے سال تمھارا ہر ظلم ہر زیادتی اور بکواس برداشت کی ہے مگر اب

نہیں ...اور ہمارے کردار کے بارے میں اگر ایک لفظ بھی منہ سے نکالا تو گردی

pdfnovelsbank.blogspot.com

..سے زبان کھینچ لوں گی ..ہمیں کچھ کہنے سے پہلے اپنے گریبان میں ضرور جھانکنا

..اور اب دفعہ ہو جاؤ یہاں سے ..فانیہ دھاڑی

تمھیں تو میں دیکھ لوں گی ..یہ تمھارا خوبصورت چہرہ تیزاب سے نا جلایا تو مجھے نایاب نا کہنا ..چاہے اس کے بعد مجھے جیل میں کیوں نا سڑنا پڑے..

..گیٹ لاسٹ نایاب ...جو کرنا ہے کر لو ..میں نہیں ڈرتی

.نایاب تن فن کرتی نسیمہ کے کمرے سے باہر نکلی

Pdf Novel Bank

سامنے ہی ایک بے تحاشا ہینڈسم، ٹال اور ڈیشنگ بندہ بلیک تھری پیس پہنے سن گلاسز لگائے ...پینٹ کی پاکٹوں میں ہاتھ ڈالے اطمینان سے کھڑا اسے اندر تک ہلا گیا تھا.

یہ اس کے خوابوں کا شہزادہ آج کہاں سے خیالوں سے نکل کر سامنے آگیا تھا؟

